Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 پیر ، 12 فروری 2024ء ، یکم شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 267

آزاد امیدوار 101 نشستیں لیکر سب سے آگے مسلم لیگ (ن) 75 اور پیپلز پارٹی نے 54 نشستیں حاصل کیں

قومی وصوبائی اسمبلیوں کی تمام نشستوں کے غیر حتمی نتائج جاری

قومی کی 264 نشستوں میں سے آزاد امیدوار 101 نشستیں لے کر سب سے آگے، مسلم لیگ (ن) 75 اور پیپلز پارٹی نے 54 نشستیں حاصل کیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر پی آئی ایف وڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر شمن رائے متوازی خاندان کے حوالے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں 8 فروری کو عام انتخابات کے انعقاد کے 2 روز بعد قومی وصوبائی اسمبلی کی نشستوں کے غیرحتمی نتائج جاری کردیے۔قومی اسمبلی کی 266 نشستوں میں سے 264 نشستوں کے غیرحتمی نتائج جاری کیے گئے ہیں، حلقہ این اے-88 کے غیرحتمی نتائج روک دیے گئے ہیں جبکہ این اے- 8 پر امیدوار کے انتقال کے باعث انتخابات ملتوی کیے جا(بقیہ نمبر 32)

آصف علی زرداری حکومت بنانے کیلئے متحرک

سابق صدر مملکت کے طیارے نے تین روز میں مجموعی طور پر 9 پروازیں کیں

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سربراہ وسابق صدر مملکت آصف علی زرداری 8 فروری کو ہونے والے انتخابات کے نتائج کے بعد حکومت بنانے کے لئے انتہائی متحرک ہیں اور تین روز میں مجموعی طور پران کے طیارے نے 9 پروازیں کی ہیں ۔ذرائع کے مطابق آصف علی زرداری پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت بنانے کیلئے سرگرم ہیں اور اہم ملاقاتوں کے لئے وہ خصوصی طیارے کے ذریعے کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے(بقیہ نمبر 33)

مہنگے ترین ممالک کی فہرست میں پاکستان 13ویں نمبر پر

پاکستان نے مہنگائی کی دوڑ میں سری لنکا کو بھی مات دیدی ہے

مکوآنہ (این این آئی) مہنگے ترین ممالک کی فہرست جاری کردی گئی ہے جس میں پاکستان نے مہنگائی کی دوڑ میں سری لنکا کو بھی مات دیدی ہے۔غذائی افراط زر کی فہرست میں پاکستان دنیا بھر میں 13 ویں نمبر پر موجود ہے(بقیہ نمبر 36)

چین پاکستان اسمارٹ سٹی کے قیام میں تعاون

پاکستان میں اسمارٹ شہروں کی ایپلی کیشن شروع کر رہے ہیں ،ڈاکٹر ووجون

اسلام آباد (این این آئی) بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کی مشترکہ تعمیر کے تناظر میں چینی اور پاکستانی محققین مصنوعی ذہانت (اے آئی) ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے(بقیہ نمبر 35)

این اے 15 مانسہرہ کا حتمی نتیجہ روک دیا گیا

ہمیں این اے 15 مانسہرہ کے 125 پولنگ اسٹیشنز کے فارم 45 نہیں ملے، وکیل نوازشریف

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ریٹرننگ افسر (آر او) کو قومی اسمبلی کے حلقہ این اے15 مانسہرہ کا حتمی نتیجہ جاری کرنے سے روک دیا۔این اے15 مانسہرہ کے انتخابی نتائج میں مبینہ تبدیلی کے خلاف(بقیہ نمبر 34)

مسلم لیگ (ن) کی قیادت سے ایم کیوایم کے وفد کی جاتی امراء میں ملاقات، بنیادی نکات طے پاگئے

حکومت سازی کیلئے رابطے شروع

پاکستان مسلم لیگ (ن) اور ایم کیوایم قائدین میں سیاسی تعاون پر اتفاق، ملک اور قوم کے مفاد کے لئے مل کر چلا جائے گا، دونوں جماعتوں کے درمیان بنیادی نکات طے

ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے مل کر چلنے پر اتفاق کیا گیا‘ مریم اورنگزیب، ایم کیوایم کے پی پی سے متعلق تحفظات پر نواز شریف نے شہباز شریف کو دونوں جماعتوں میں مصالحت کا کردار ادا کرنے کی ذمہ داری سونپ دی‘ ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نوازشریف اور ایم کیوایم قیادت کے درمیان مل کر چلنے پر اصولی اتفاق ہوگیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق مسلم لیگ (ن) اور ایم کیوایم میں بنیادی نکات طے کرتے ہوئے کہا کہ ملک اور قوم کے مفاد کے لئے مل کر چلا جائے گا۔اعلامیہ کے مطابق اکستان مسلم لیگ (ن) کی طرف سے محمد نوازشریف اور ایم کیوایم کی طرف سے ڈاکٹر (بقیہ نمبر 45)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کے دورے کے موقع پر ایف ایم ریڈیو ”صحت زندگی“ کا افتتاح کررہے ہیں

لوئر دیر میں دھماکا، 2 بچے جاں بحق، 3 افراد زخمی

دھماکا بارودی مواد پھٹنے کے باعث ہوا، ریسکیو حکام

لوئر دیر (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع لوئر دیر میں دھماکے کے نتیجے میں دو بچے جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ریسکیو حکام کے مطابق دھماکا لوئر دیر کے علاقے شگوکس میں ہوا۔پولیس کے مطابق جاں بحق بچوں کی عمریں 7 سے 8 سال کے درمیان ہیں، جو مچھلی پکڑ رہے تھے، مچھلی پکڑنے کیلئے پانی میں بارودی مواد رکھا گیا تھا۔ریسکیو حکام نے(بقیہ نمبر 37)

پہلے ہی کہا تھا بلاول بھٹو این اے 127 میں تیسرے نمبر پر آئیں گے‘ عطا اللہ تارڑ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ میں نے پہلے ہی کہا تھا بلاول بھٹو حلقہ این اے 127 میں تیسرے نمبر پر آئیں گے۔غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے(بقیہ نمبر 38)

نومنتخب ایم این اے اور تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری لاہور وسیم قادر مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کررہے ہیں

سیاسی ومعاشی بے یقینی

پاکستانی کاروباری طبقے نے دبئی کا رخ کرلیا

پاکستان میں بہت سے بڑے بزنس ٹائیکونز نے اپنا کاروبار جزوی یا مکمل طور پر دبئی منتقل کرلیا ہے

کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ پاکستانی لوگ دبئی کی ریئل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کررہے ہیں، انور خواجہ

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی ومعاشی بے یقینی کے باعث پاکستانی کاروباری طبقے نے دبئی کا رخ کرلیا میڈیا رپورٹ کے مطابق دبئی میں کاروبار کرنے والے کراچی کے سرمایہ کار انور خواجہ نے کہا کہ یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ پاکستانی لوگ دبئی کی ریئل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کررہے ہیں تاہم پاکستانیوں کی جانب سے وہاں تجارتی اور کاروباری اداروں کا قیام اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ(بقیہ نمبر 51)

این اے 55 راولپنڈی کے انتخابی نتائج روک دیئے گئے

الیکشن کمیشن نے راجہ بشارت کی پٹیشن پر این اے 55 راولپنڈی کے انتخابی نتائج روک دیے، ریٹرننگ افسر سے جواب طلب

دوسری جانب الیکشن کمیشن نے آزاد امیدوار پی ٹی آئی کے چوہدری نذیر کی پٹیشن پر پی پی 11 راولپنڈی کے نتائج پر بھی حکم امتناعی جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے راجہ بشارت کی پٹیشن پر این اے 55 راولپنڈی کے انتخابی نتائج روک دیے اور ریٹرننگ افسر سے جواب طلب کرلیا۔راجہ بشارت کے وکیل سردار عبدالرازق خان نے کہا کہ پولنگ اسٹیشنز کے نتائج فارم 45 کے مطابق 50 ہزار سے زائد ووٹ سے راجہ بشارت الیکشن جیت گئے تھے، تمام ٹی وی چینلز بھی راجہ بشارت کی لیڈ اور جیت کی بابت اعلان کرتے (بقیہ نمبر 39)

بلاول کو وزیراعظم دیکھنا چاہتے ہیں، خورشید شاہ

کوئی ایک پارٹی اکیلے حکومت نہیں بنا سکتی، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما خورشید شاہ نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کو وزیراعظم دیکھنا چاہتے ہیں۔اسلام آباد روانگی (بقیہ نمبر 52)

کراچی میں الیکشن سے ایک روز قبل ہوا دھماکا خودکش قرار

فاروق رحمٰن نے نامعلوم سہولت کاروں کے ایما پر خودکش حملہ کیا، مدعی ایس ایچ او کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) پولیس نے الیکشن سے ایک روز قبل گلشن اقبال میں ہونے والے دھماکے کو خودکش قرار دے دیا، لیموں گوٹھ دھماکے میں خاتون اور بچوں(بقیہ نمبر 40)

تحریک انصاف نے عوام کی منشا کو پامال کرکے پی ڈی ایم ٹو جیسا شرمناک ڈرامہ رچانے کی کوششوں کو یکسر مسترد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے عوام کی منشا کو پامال کرکے ملک میں پی ڈی ایم ٹو جیسا شرمناک ڈرامہ رچانے کی کوششوں کو یکسر مسترد کرتے ہوئے چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن اراکین سے فوراً مستعفی ہونے کا مطالبہ کردیا۔ترجمان تحریک انصاف نے اپنے بیان میں کہا کہ دھاندلی کا لبادہ پہنا کر پی ڈی ایم ٹو کو دوبارہ عوام کے سروں مسلط کیا جارہا ہے۔ترجمان تحریک انصاف نے کہا کہ ملک کی سب سے بڑی، مقبول ترین، چاروں صوبوں میں نمائندگی اور فیصلہ کن عوامی مینڈیٹ کی حامل تحریک انصاف ہی (بقیہ نمبر 41)

سب جماعتوں کو ملک کے مفاد کیلئے اکٹھا ہونا چاہیے

ملک کو درست سمت دینے کیلئے شجاعت حسین کے مفاہمت، رواداری کے فارمولے کی پیروی کرنا ہوگی‘ پاکستان مسلم لیگ

عوام نے سیاسی جماعتوں کو ملک کے بہتر مستقبل اور مضبوط وخوشحال پاکستان کیلئے ووٹ دیئے ہیں‘ جنرل سیکرٹری لاہور ندیم پہلوان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان نے چوہدری شافع حسین اور چوہدری سالک حسین کو انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ملک کو درست سمت میں گامزن کرنا ہے تو چوہدری شجاعت حسین کے مفاہمت اور رواداری کے فارمولے کی پیروی کرنا ہوگی ۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سب جماعتوں کو ملک کے مفاد کیلئے اکٹھا ہونا چاہیے ،عوام نے ملک کے بہتر مستقبل اور مضبوط وخوشحال پاکستان کیلئے ووٹ دیئے ہیں، پاکستان مسلم لیگ کسی شخصیت کے ساتھ نہیں (بقیہ نمبر 46)

مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف اور شہباز شریف خالد مقبول صدیقی کی قیادت میں ایم کیوایم پاکستان کے وفد سے ملاقات کررہے ہیں

آصف علی زرداری و بلاول بھٹو کو مسیحی برادری کی طرف سے مبارکباد پیش

پیپلز پارٹی نے سندھ سے میدان مارلیا ہے، مرکزی مسیحی رہنما راشد چوہان کی مبارکباد

اسلام آباد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی مسیحی رہنما راشد چوہان نے پاکستان پیپلز پارٹی کے قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلی کے امیدواروں کی کامیابی پر آصف علی زرداری و بلاول بھٹو کو مسیحی برادری کی طرف سے مبارکباد پیش کی، پیپلز پارٹی نے سندھ سے میدان مارلیا ہے بلوچستان اسمبلی میں پیپلز پارٹی 11 نشتوں کیساتھ سرفہرست، پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو جمہوریت کو فروغ دے رہی ہے ۔بلاول بھٹو کی جیت کی کامیابی کی خوشی (بقیہ نمبر 42)

ایران میں 9 پاکستانیوں کے قتل کی اطلاع کو فیک نیوز قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے ایران میں 9 پاکستانیوں کے قتل کی اطلاع کو فیک نیوز قرار دے دیا۔ممتاز زہرا بلوچ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر فیک نیوز الرٹ جاری کیا۔دفتر خارجہ کی ترجمان نے کہا کہ یہ گزشتہ ماہ ایران میں 9 پاکستانی شہریوں کی موت کی پرانی خبروں کی

پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما شاہ محمود قریشی کی بیٹی مہربانو پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہی ہیں

صومالیہ میں فوجی اڈے پر حملہ، نماز پڑھتے 5 فوجی شہید

حملے میں کچھ فوجی زخمی بھی ہوئے، متحدہ عرب امارات کا بیان

موغادیشو (این این آئی) افریقی ملک صومالیہ کے دارالحکومت موغادیشو میں 10 فروری کو ایک فوجی اڈے پر ہوئے حملے میں کم از کم پانچ فوجی ہلاک ہوگئے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب (بقیہ نمبر 53)

وقت آگیا ہے کہ کشمیری عوام ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو جائیں

بھارتی غلامی کے زنجیر کو توڑنے کے لیے مشترکہ جدوجہد کے لیے مقبول بٹ مزاحمتی تحریک کی علامت ہیں مشعال ملک

کشمیریوں کو نہ جینے کا حق دیا گیا ہے نہ مرنے کا، خدشہ ہے کہ بھارتی بدنام زمانہ حکومت یاسین ملک کو سزائے موت دے سکتی ہے

acts.Student are expected to be very
who remains absent from The

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) معروف کشمیری آزادی پسند رہنما شہید محمد مقبول بٹ کو شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے کہا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ کشمیری عوام ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو جائیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کے منصفانہ مقصد کے لیے مشترکہ طور پر کام کریں تا کہ ہندوستانی غلامی کے طوق کو ہمیشہ کے لیے توڑنے کا خواب تعبیر میں بدل جائے ۔ وہ مقبول بٹ کی 40ویں یوم شہادت کے موقع پر پناہ گزین کیمپ (بقیہ نمبر43)

وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق وترقی نسواں مشعال حسین ملک کا بچوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

کلب چوک کے قریب سے خاتون سمیت 2 افراد کی لاشیں برآمد

40 سالہ خاتون اور 45 سالہ مرد کی لاشیں بوسیدہ حالت میں ملی ہیں شناخت نہ ہوسکی

لاہور (این این آئی) ریس کورس اور کلب چوک کے قریب سے خاتون سمیت 2 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔پولیس کے مطابق 40 سالہ خاتون اور 45 سالہ(بقیہ نمبر 47)

سال میں امراض قلب سے اموات 60 فیصد بڑھ گئیں

1990 میں دل کی بیماریوں سے 1 کروڑ 21 لاکھ اموات ہوئی تھیں

راولپنڈی (این این آئی) ورلڈ ہارٹ فیڈریشن نے دل کے امراض سے اموات کی شرح میں ہوشربا اضافہ رپورٹ کردیا۔رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ(بقیہ نمبر 49)

انٹرپینورڈیواس آف پاکستان کے تحت سن سیٹ کلب میں لگائے جانیوالے بازار میں خواتین خریداری کررہی ہیں

امریکہ کا انتخابات کی شفافیت پر تشویش کا اظہار

بدانتظامی کے متعدد الزامات کی قابل اعتماد اور آزادانہ تحقیقات تک امریکی محکمہ خارجہ پاکستانی انتخابات کو تسلیم نہ کرے

میں پاکستان میں اس ہفتے ہونے والے انتخابات میں مداخلت کی خبروں سے بہت پریشان ہوں، الہان عمر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے چند ارکان کانگریس نے پاکستان میں 8 فروری کو ہونے والے انتخابات کی شفافیت پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔الہان عمر کا کہنا ہے بدانتظامی کے متعدد الزامات کی قابل اعتماد اور آزادانہ تحقیقات تک امریکی محکمہ خارجہ پاکستانی انتخابات کو تسلیم نہ کرے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی قانون ساز الہان عمر نے سماجی رابطے کی ویب سائیٹ ایکس پر (بقیہ نمبر 54)

مسلم لیگ (ن)، (ق) میں قیادت کی سطح پر ملاقات منسوخ

آصف زرداری، نواز، شہباز شریف، فضل الرحمان سے اکٹھے ملاقات متوقع ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان مسلم لیگ (ق) میں قیادت کی سطح پر ہونے والی ملاقات منسوخ ہوگئی۔بتایا گیا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی اپنے وفد کے ہمراہ پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات کیلئے ان کی رہائشگاہ آمد متوقع تھی تاہم بعد میں یہ بتایا گیا کہ (بقیہ نمبر 55)

الیکشن ڈیوٹی سے واپس آنے والی فی میل ٹیچر کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا

پتوکی (این این آئی) پتوکی ملتان روڈ پر الیکشن ڈیوٹی سے واپس آنے والی فی میل ٹیچر کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا ڈاکو نقدی، طلائی زیورات چھین کر موقع سے فرار ہوگے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔متاثرہ ٹیچر(بقیہ نمبر 56)

پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ 1 کا فائنل

ایس این جی پی ایل کی ٹیم نے جیت لیا

شاہنواز دہانی اور صاحبزادہ فرحان کی جوڑی کو ٹیم کی فتح میں شاندار کردار ادا کرنے پر SNGPL کی جانب سے مین آف دی میچ ایوارڈز سے نوازا گیا

میچ کے اسٹینڈ آؤٹ پرفارمر شاہنواز دہانی نے شاندار بولنگ کی مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے 7 وکٹیں حاصل کیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) کرکٹ کی مہارت کا شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے ، راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں منعقدہ پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ 1 کے فائنل میں ایس این جی پی ایل کی ٹیم نے واپڈا کے خلاف 515 رنز سے کامیابی حاصل کی۔میچ کے اسٹینڈ آؤٹ پرفارمر شاہنواز دہانی نے شاندار بولنگ کی مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے 7 وکٹیں حاصل کیں۔ دریں اثنا، صاحبزادہ فرحان 161 رنز کے شاندار اسکور کے ساتھ سرفہرست رہے۔شاہنواز دہانی اور صاحبزادہ فرحان کی جوڑی کو ٹیم کی فتح میں شاندار کردار ادا (بقیہ نمبر 57)



پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ 1 کے فائنل میں ایس این جی پی ایل کی ٹیم کے کپتان ٹرافی وصول کررہے ہیں

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن مزید 268 کنکشن منقطع

لاکھ کے جرمانے عائد، لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 15 گھریلو کنکشن منقطع گئے

راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 40 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 6 گیس کنکشن منقطع کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 268 گیس کنکشن منقطع کردیے ۔ جبکہ 40 لاکھ کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 15 گھریلو کنکشن منقطع کیے گئے ۔راولپنڈی میں گیس کے غیرقانونی استعمال پر 40 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 6 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 2 لاکھ 80 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے ۔ شیخوپورہ میں غیر قانونی استعمال پر 42 کنکشن منقطع مزید 20 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 42 گیس کنکشن منقطع کیے گئے ۔ سوئی ناردرن (بقیہ نمبر 44)

SUI NORTHERN

پاکستان میں بیروزگار افراد کی تعداد کتنے لاکھ سے تجاوز کرگئی

5 کروڑ 18 لاکھ لیبر فورس ہے جس میں سے 6 کروڑ 72 لاکھ برسر روزگار ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان میں بیروزگار افراد کی تعداد 45 لاکھ سے تجاوز کر گئی،5 کروڑ 18 لاکھ لیبر فورس ہے جس میں سے 6 کروڑ 72 لاکھ برسرروزگار ہیں،سیلاب سے تباہ طبی مراکز کی بحالی 40 ارب 29 کروڑ روپے سے جاری ہے تفصیلات کے مطابق اکنامک سروے کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 9 مہینوں کے دوران (بقیہ نمبر 48)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کیلئے پی ٹی آئی کا 4 ناموں پر غور

علی امین گنڈاپور، طاہر شاہ طورو، مشتاق غنی اور شکیل احمد وزارت اعلیٰ کی دوڑ میں شامل

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے خیبر پختونخوا کی وزارت اعلیٰ کیلئے 4 نام غورشروع کردیا گیا۔ذرائع کے مطابق علی امین گنڈاپور، طاہر شاہ طورو، مشتاق غنی اور شکیل احمد وزارت اعلیٰ کی دوڑ میں شامل ہیں۔طاہر شاہ طورو یا شکیل احمد کو وزیر اعلیٰ بنانے کے لیے عاطف خان اور اسد قیصر سرگرم ہیں۔ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 50)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بھارتی ریاستی دہشت گردی کی نئی مثال

بھارتی ریاست اتراکھنڈ میں پولیس نے ایک مدرسے کی مسماری کے خلاف مظاہرہ کرنے والوں پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں کم ازکم چار مظاہرین جاں بحق اور 260 سے زائد زخمی ہوگئے۔

بھارت کی طرف سے مقبوضہ کشمیر میں بہیمانہ ریاستی دہشت گردی ہوتی ہے مگر یہ جو کچھ ہوا ہے یہ بھارت کے اندر ہوا ہے۔ بھارت خود کو سیکولر کہلواتا ہے مگر مودی کے آنے کے بعد سیکولر انڈیا کو شدت پسند ہندو ریاست میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ مدرسے کی مسماری کیخلاف پرامن مظاہرہ ہو رہا تھا یہاں بھی ریاستی دہشت گردی کا مظاہرہ کیا گیا۔ پولیس کی طرف سے پر امن مظاہرین پر سیدھی فائرنگ کی گئی۔ زخمی ہونے والوں کی تعداد 260 ہے اس اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ کس طرح کا ان پر ظلم ڈھایا گیا جبکہ چار افراد موقع پر جان بحق ہو گئے تھے۔ صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا گیا اس کے بعد علاقے کے مسلمانوں پر تشدد کیا جا رہا ہے اور ان کی گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔ ان مظالم کی پردہ پوشی کے لیے انٹرنیٹ بند اور کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ وہاں مسلم کشی کا خطرہ بھی ہے جس کو ہندو شدت پسندوں کی طرف سے ہندو مسلم فساد سے تعبیر کیا جائے گا۔ بھارت میں ہمیشہ سے اور مودی دور میں خصوصی طور پر اقلیتیں غیر محفوظ ہو کر رہ گئی ہیں۔ مساجد کو گرا دیا جاتا ہے۔ چرچوں کو آگ لگا دی جاتی ہے۔ گولڈن ٹیمپل پر جس طرح یلغار کی گئی وہ سیکولر بھارت کے چہرے پر سیاہ دھبہ ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ عالمی برادری کی طرف طرف سے اس پر سرسری سا ردعمل دیا جاتا ہے جبکہ ایسے مظالم کو روکنے کے لیے سخت اقدامات کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے اقوام متحدہ کا دہرا معیار رہا ہے۔ اس کی طرف سے بروقت اور سخت اقدامات کیے جاتے تو بھارت کے ظلم کا ہاتھ روکا جا سکتا تھا۔ ادھر اسرائیل کی جارحیت پر بھی عالمی برادری اور اقوام متحدہ خاموش ہیں۔ جو بائیڈن کی طرف سے آج کہا گیا ہے کہ اسرائیلی فوجی کارروائیاں حد سے متجاوز ہیں۔ یہ دوہرا معیار ہی نہیں بلکہ منافقت بھی ہے کہ ایک طرف اسرائیل کو فلسطینیوں کے خلاف ظلم و جبر کے لیے اسلحہ اور ہر قسم کی امداد فراہم کی جاتی ہے اور دوسری طرف اس کی کارروائیوں کو حد سے تجاوز قرار دیا جاتا ہے۔ قصہ مختصر جب تک اقوام متحدہ اپنا کردار ادا نہیں کرتا فلسطینی اور بھارتی مسلمانوں پر بہیمانہ مظالم کا سلسلہ رکتا ہوا نظر نہیں آتا۔

جمعیت علماء اسلام کیوں ہاری۔؟

عمر فاروق / آگہی

آٹھ فروری کو ہونے والے الیکشن میں جمعیت علماء اسلام وہ کارکردگی نہ دکھا سکی جس کی توقع کی جا رہی تھی، یہی وجہ ہے کہ جمعیت کا کارکن شدید مایوس بھی ہے اور غصے میں بھی ہے کیوں کہ 2018 کے الیکشن کے بعد عمران نیازی کی فسطائیت کا مقابلہ جمعیت ہی نے کیا۔ پارلیمنٹ کے اندر و باہر صحیح معنوں میں اپوزیشن کا کردار بھی جے یو آئی نے ادا کیا، سختیاں برداشت کیں، مقدمات اور تشدد کا سامنا کیا نیازی کے بدترین میڈیا ٹرائل کو بھی جھیلا اور پھر سب سے بڑھ کر عمران نیازی کی حکومت کا بوریا بستر گول کرنے والی تحریک کی سربراہی بھی مولانا فضل الرحمٰن نے کی۔

مولانا فضل الرحمٰن کے تاریخی لانگ مارچ اور پی ڈی ایم کی تحریک کا نتیجہ تھا کہ عمران نیازی کی حکومت کمزور ہوئی۔ اداروں کو اس کے سر سے دست شفقت اٹھانا پڑا اور بالآخر اس وقت کی اپوزیشن جماعتیں عمرانی حکومت کو گھر بھیجنے میں کامیاب ہوئیں۔ یوں مولانا فضل الرحمٰن اور جمعیت کے کارکن مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے محسن ٹھہرے۔ کیوں کہ انہی کی قربانیوں کی بدولت ان دونوں جماعتوں کی سیاست میں واپسی ہوئی بلکہ ان کی قیادت کو ریلیف بھی ملا مگر جب پھل کھانے کا وقت آیا تو مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی نے اپنی جھولیاں بھر دیں۔

وہ ساری خوشیاں جو اس نے چاہیں اٹھا کے جھولی میں اپنی رکھ لیں۔ ہمارے حصے میں عذر آئے، جواز آئے، اصول آئے جے یو آئی کی شکست کی وجوہات کا جائزہ لیں تو سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ خیبر پختونخواہ اور بلوچستان سے جمعیت علماء اسلام ہمیشہ کامیابی حاصل کرتی رہی ہے جہاں مذہب کی جڑیں کافی مضبوط ہیں، خیبر پختونخواہ میں عمران نیازی کی دس سالہ حکومت کا نتیجہ ہے کہ وہاں کے عوام اب ایک شیخ الحدیث کے مقابلے میں کسی سرمایہ دار یا خان کو ووٹ دینے کو ترجیح دیتے ہیں حالانکہ اس سے قبل ایک سائیکل سوار عالم سرمایہ دار کو بآسانی چت کر دیتا تھا۔ یہ وہ ایجنڈہ تھا کہ جس کے لیے عمران نیازی کو اس قوم پر مسلط کیا گیا تھا کہ ان علاقوں سے مذہب کی جڑوں کو کھرچ کر یہاں کے عوام کا مذہبی لوگوں اور مدارس سے اعتماد ختم کیا جائے کیوں کہ استعماری طاقتوں کو خطرہ انہی لوگوں سے ہے، مولانا فضل الرحمٰن اس ایجنڈے کے حوالے سے کافی بار اظہار بھی کر چکے ہیں۔ پی ٹی آئی بھی یہ سمجھتی ہے کہ ان کے اس ایجنڈے میں سب سے بڑی رکاوٹ جمعیت علماء اسلام ہے۔

اس بات کا اندازہ اس سے بھی لگا سکتے ہیں کہ خیبر پختونخواہ کی نسبت بلوچستان میں جمعیت کی کارکردگی کافی بہتر رہی ہے جمعیت وہاں سے خاطر خواہ سیٹیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی ہے، مولانا فضل الرحمٰن انتخابی مہم چلائے بغیر اسی صوبے سے قومی اسمبلی کے ممبر بنے ہیں جمعیت کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری بھی اپنی نشست جیت گئے ہیں جمعیت بلوچستان میں اختلافات اور مولانا شیرانی گروپ کی موجودگی کے باوجود جمعیت کا یہاں سے کامیاب ہونے کی بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ یہ صوبہ ابھی تک عمرانی کینسر سے محفوظ ہے۔

اب چوں کہ دونوں طرف سے یہ سیاست سے زیادہ نظریات کی جنگ بن کر نفرت میں تبدیل ہو چکی ہے، مولانا فضل الرحمٰن نے بھی پی ٹی آئی کے خلاف جارحانہ سیاست کی۔ دونوں نے ایک دوسرے کے خلاف کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا جے یو آئی حالیہ الیکشن میں پی ٹی آئی کے ووٹرز کے اسی ردعمل کا شکار ہو گئی ہے۔ جبکہ جمعیت علماء اسلام کے کارکن اس ردعمل کا مقابلہ نہ کر سکے اور اپنا بیانیہ درست طریقے سے عوام تک نہ پہنچا سکے کیوں کہ جے یو آئی کے کارکن احتجاج اور عمران کو گھر بھیجنے کی صورت میں اپنا ردعمل پہلے ہی دے چکے تھے۔

اس الیکشن کے دوران مجھے خیبر پختونواہ کے کئی علاقوں میں جانے کا موقع ملا اور جمعیت علماء اسلام کے امیدواروں، رہنماؤں اور کارکنوں سے ملاقاتیں ہوئیں۔ اکثر مقامات پر کارکن اور مقامی رہنماء قیادت کے فیصلوں سے ناراض نظر آئے اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ جماعت کے مقامی رہنماؤں کی مشاورت کے بغیر فیصلے مسلط کیے گئے۔ دیرینہ کارکنوں کو دیوار سے لگا کر چھتری برداروں کو ترجیح دی گئی۔ قیادت اور کارکنوں میں دوریاں پیدا کی گئیں۔ اسی طرح مرکزی اور صوبائی قیادت کو چند لوگوں نے گھیرا ہوا ہے اور انہی مخصوص لوگوں یا خاندان پر نوازشات جاری ہیں۔

پورے ملک میں تنظیم سازی پر کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی۔ کئی علاقوں میں تنظیمی اختلافات کو حل نہیں کیا گیا کس کو جماعت میں شامل کرنا ہے کس کو نکالنا ہے مقامی قیادت کو اعتماد میں نہیں لیا گیا قیادت نے اپنی ذاتی پسند و ناپسند کو ترجیح دی یہی وجہ ہے کہ بعض جگہوں پر ٹکٹوں کی غلط تقسیم کی شکایات بھی سامنے آئیں۔ اس حوالے سے صرف ایک مثال سامنے رکھوں گا کہ میڈیا کے محاذ پر حافظ حسین احمد کے بعد جنگ لڑنے والے حافظ حمد اللہ کو ٹکٹ نہیں دیا گیا حالانکہ ان کے حلقے کے کارکن صوبائی اور مرکزی قیادت سے اپیلیں کرتے رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ گزشتہ نو سالوں میں مرکز اور صوبے نے مقامی قیادت سے اپنی ڈیمانڈز تو پوری کروائیں مگر جب وفاق میں ڈیڑھ سال کی حکومت ملی تو ان کارکنوں کے مسائل حل کرنے کی بجائے انہیں کھڈے لائن لگا دیا گیا اور ،،دیہاڑی دار،، مفادات سمیٹتے رہے۔

ایک مسئلہ یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ جمعیت کی صفوں میں علماء اور غیر علماء کے حوالے سے بھی اختلاف پایا جاتا ہے اگرچہ اس حوالے سے مولانا فضل الرحمٰن وسیع الظرف ہیں انہوں نے کوشش کی ہے کہ جمعیت کا دامن وسیع کیا جائے اور اس میں ہر قسم کے افراد کو شامل کیا جائے مگر کئی مقامات پر دیگر جماعتوں سے آنے والے غیر علماء جمعیت کے رنگ میں نہ ڈھل سکے اس کی بڑی مثال بنوں کی ہے جہاں کے علماء نے اس مرتبہ اکرم درانی کے خلاف اتحاد تشکیل دے کر اپنے امیدوار کھڑے کیے۔ یہی وجہ ہے کہ کئی علاقوں میں جمعیت کے امیدواروں کو مدارس اور علماء سے وہ رسپانس نہیں ملا جس کی وہ توقع کر رہے تھے۔

جے یو آئی کی قیادت کو سب سے زیادہ دہشت گردی کے خطرات کا سامنا تھا ان کے متعدد رہنماء اور کارکن شہید ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے جے یو آئی کے امیدواروں کو بھی انتخابی مہم چلانے میں بھی شدید دشواری تھی، اس کا آسان حل سوشل میڈیا کا بھرپور استعمال تھا مگر جمعیت علماء اسلام سوشل میڈیا پر مؤثر انداز میں بھی اپنی انتخابی مہم نہیں چلا سکا اور نہ ہی جمعیت کی قیادت کوئی مضبوط انتخابی بیانیہ دے سکی، یہی وجہ ہے کہ جمعیت کے بعض رہنماؤں تک کو معلوم نہیں تھا کہ کون سے حلقے میں ان کا کون سے امیدوار ہے اور اس کا کس سے مقابلہ ہے؟ دیگر سیاسی جماعتیں سوشل میڈیا کے محاذ پر جمعیت سے بہت آگے ہیں پی ٹی آئی کی ساری انتخابی مہم سوشل میڈیا کے ذریعے چلائی گئی، جہاں تک بیانیے کا تعلق ہے تو جمعیت علماء اسلام انتخابی منشور کے اعلان کا تکلف تک نہیں کرتی۔؟

آج کل سوشل میڈیا کا دور ہے مخالفین کی طرف سے اعتراضات اور سازشی تھیوریاں پھیلائی جاتی ہیں یہاں بھی جمعیت کو مشکلات کا سامنا رہا سوشل میڈ پر سب سے بڑا اعتراض یہ دیکھنے کو ملا کہ مولانا فضل الرحمٰن اپنے خاندان کے افراد کو نوازتے ہیں جیسے اس الیکشن میں مولانا خود دو حلقوں سے الیکشن میں حصہ لے رہے تھے مزید یہ کہ ان کے دو بیٹے، دو بھائی، ایک بھتیجا بھی انتخابی میدان میں موجود تھا۔ خواتین کی مخصوص نشستوں پر وہی چند خواتین گزشتہ پندرہ بیس سالوں سے قابض ہیں جن کا تعلق مولانا کے خاندان سے ہے اسی طرح ایک بھائی سینیٹر ہے۔

انتخابات کے نتائج اور شکوک وشبہات

ڈاکٹر بی اے خرم
urnpakistan@yahoo.com

اسلامی جمہوریہ پاکستان کی تاریخ میں بارہویں عام انتخابات کا انعقاد آٹھ فروری 2024 کو ہوا عام انتخابات میں حصہ لینے والی سیاسی پارٹیوں نے اپنی انتخابی مہم نیم دلی سے چلائی کیونکہ سیاسی پارٹیوں میں الیکشن کے انعقاد میں شکوک وشبہات پائے جاتے تھے سب سے کامیاب الیکشن مہم پاکستان پیپلز پارٹی نے چلائی پی پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے ملک کے مختلف شہروں میں کامیاب جلسوں میں پیپلز پارٹی کے روٹھے ہوئے ووٹر کو جگانے کے لئے خوب زور لگایا لیکن پی پی پنجاب میں کھوئی ہوئی سیاسی قوت بحال کرنے میں ناکام رہی البتہ سندھ میں پی پی پی کو بے نظیر کامیابی ملی مسلم لیگ ن نے اپنی انتخابی مہم بہت دیر سے شروع کی ان کے ورکرز میں ایک بات کھلے عام سنائی دیتی رہی کہ "ہماری بات ہو چکی ہے" اور یہی بات مسلم لیگ ن کی ناکامی کی بڑی وجہ بھی بنی دوسری اہم وجہ الیکشن کے روز اپنے ووٹرز کو پولنگ اسٹیشن تک لانے میں ناکام دکھائی دیئے پاکستان تحریک انصاف کے بانی پابند سلاسل رہے اس پارٹی کا انتخابی نشان تک چھین لیا گیا ان کے ٹکٹ ہولڈرز کے گرد گھیرا تنگ کیا گیا کاغذات جمع کروانے سے لے کر الیکشن کے روز تک انہیں انتخابی مہم میں آزادانہ طور پر حصہ نہیں لینے دیا گیا تحریک انصاف کے ٹکٹ ہولڈرز نے آزاد حیثیت سے الیکشن میں حصہ لیا ان کے ہر امیدوار کے انتخابی نشانات الگ الگ ملے تحریک انصاف کے خلاف ہر طرح کے ہتھکنڈے استعمال کئے گئے ان کی الیکشن مہم نہ ہونے کے برابر تھی ملک کے کم و بیش ہر شہر میں انتظامیہ نے تحریک انصاف کے حمایت یافتہ امیدواروں کو جی بھر کر تنگ کیا ان کے امیدواران اور سپورٹرز کو پابند سلاسل کیا گیا اس کے باوجود الیکشن کے روز پی ٹی آئی کے ووٹرز نے دیوانہ وار پولنگ اسٹیشن کا رخ کیا کیونکہ پی ٹی آئی کے ووٹرز میں یوتھ سر فہرست ہے سوشل میڈیا کا خوب استعمال کیا دو کروڑ سے زائد نئے ووٹرز جن کی عمریں 18 سال سے 30 سال تک کی تھیں انہوں نے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدواروں کو نہ صرف سوشل میڈیا پر سپورٹ کیا بلکہ الیکشن ڈے پر پولنگ اسٹیشن پر پہنچ کر پی ٹی آئی کے امیدواروں کو ووٹ بھی دیا اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ اپنی بے لوث محبت کا کھلے عام اظہار کیا الیکشن کے روز کوئی بڑا واقعہ پیش نہیں آیا مجموعی طور پر الیکشن پر امن ماحول میں ہوئے پولنگ صبح آٹھ بجے سے لے کر شام پانچ بجے تک بغیر کسی وقفے سے ہوئی گنتی کے بعد مختلف نجی نیوز چینلز سے جب غیر حتمی ابتدائی نتائج کا اعلان شروع ہوا تو پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدوار آگے دکھائی دیئے مسلم لیگ ن کے بڑے بڑے برج شکست کھاتے نظر آئے پھر اچانک ماحول تبدیل ہوا ہمیشہ کی طرح انتخابی نتائج سسٹم کی خرابی کی بنا پر روک لئے گئے حالانکہ سسٹم میں خرابی نہیں تھی بلکہ انتخابات کے بعد بننے والے سسٹم کو خراب کرنے اور اپنے من پسند امیدواران کو جتوانے کے لیے نتائج میں تبدیلی کا مرحلہ شروع ہوا جو ہزاروں کی لیڈ سے جیت رہے تھے وہ ہزاروں کی لیڈ سے ہارے سرکاری نتائج کے اعلان میں تاخیر کئے جانے سے انتخابات میں شکوک وشبہات پیدا ہوئے دیہی اور دور دراز علاقوں کے رزلٹ پہلے آئے جبکہ ملک کے بڑے شہروں لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، کراچی کے نتائج تاخیر سے آئے کراچی کے نتائج تو بہت ہی تاخیر سے آئے ابتدائی نتائج سے یوں لگ رہا تھا جیسے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدوار بڑی تعداد میں جیت جائیں گے یہی وجہ تھی کہ مسلم لیگ ن کے قائد سابق وزیراعظم میاں نواز شریف ابتدائی نتائج کے بعد مایوس ہوئے اور وکٹری تقریر کئے بغیر ہی واپس لوٹ گئے ملک بھر میں عام انتخابات کے نتائج مکمل ہونے کے قریب ہیں اب تک موصول غیر حتمی نتائج کے مطابق قومی اسمبلی میں مسلم لیگ ن 76 نشستوں کے ساتھ سب سے بڑی جماعت بن گئی آزاد امیدوار 100 سے زائد نشستوں پر کامیاب ہوگئے جن میں سے 92 کو پی ٹی آئی کی حمایت حاصل ہے۔ پیپلز پارٹی نے 54 نشستیں جیت لیں، متحدہ قومی موومنٹ پاکستان 17 نشستوں پر کامیاب ہوگئی۔ مسلم لیگ ق اور جے یو آئی تین تین نشستوں پر کامیاب ہوگئی جبکہ استحکام پاکستان پارٹی نے دو اور مجلس وحدت المسلین، مسلم لیگ ضیاء اور بلوچستان نیشنل پارٹی نے ایک ایک نشست جیت لی۔ اگر صوبوں کے نتائج پر نظر ڈالیں تو پنجاب میں مسلم لیگ ن بڑی پارٹی بن کر ابھری پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدواران بھی سو نشستوں سے زائد جیت گئے پی پی بھی دس نشستیں حاصل کرنے میں کامیاب رہی، کے پی کے میں پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدوار پہلے نمبر پہ رہے سندھ میں پی پی پی سادہ اکثریت حاصل کرنے میں کامیاب رہی اور بلوچستان میں پی پی پی بڑی پارٹی بن کر ابھری دوسرے نمبر پہ مسلم لیگ جیتی جبکہ تیسرے نمبر پہ جے یو آئی کو نشستیں ملیں حالیہ انتخابات میں بڑے بڑے برج الٹ گئے اب تک موصولہ غیر حتمی نتائج کے مطابق نواز شریف کے پی سے ہارے جبکہ پنجاب سے جیت گئے، مولانا فضل الرحمان خیبر پختونخوا سے ہارے اور بلوچستان سے جیتے، جہانگیر ترین اپنی دونوں نشستوں پر شکست کھا گئے عام انتخابات میں ن لیگ کے کئی بڑے پہلوان پارلیمان سے آؤٹ ہوگئے لاہور سے خواجہ سعد رفیق، شیخ روحیل اصغر اور میاں نعمان کو شکست کھانا پڑی، رانا مشہود بھی ہار گئے گوجرانوالہ میں مسلم لیگ کی مضبوط تصور کی جانے والی سیٹ بھی گئی، حلقہ این اے 78 میں خرم دستگیر شکست کھا گئے فیصل آباد میں رانا ثنااللہ کو حلقہ این اے 100 سے آزاد امیدوار نثار جٹ نے اپ سیٹ شکست دی، رانا ثنااللہ کے داماد احمد شہریار پی پی 116 سے اپنی اپنی سیٹ بچا نہ سکے حلقہ این اے 102 میں عابد شیر علی کو بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ این اے 83 سوگودھا سے محسن شاہ نواز رانجھا بھی پارلیمنٹ سے آؤٹ ہوگئے۔ ننکانہ کے حلقہ این اے 111 سے برجیس طاہر بھی اپنی سیٹ ہار گئے میاں جاوید لطیف بھی شکست سے دوچار ہوئے کے پی کے میں پرویز خٹک کی پارٹی بری طرح شکست کھا گئی اسی طرح عوامی نیشنل پارٹی بھی شکست سے دوچار ہوئی سندھ سے پی پی پی مخالف اتحاد جی ڈی اے بری طرح پٹ گیا جبکہ ایم کیو ایم پاکستان نے اچھی پرفارمنس دکھاتے ہوئے کراچی میں اپنی نشستیں بڑھا لیں۔ وہ تمام آزاد ممبران اسمبلی جو پی ٹی آئی کی حمایت کے بغیر منتخب ہوئے ہیں ان کی منزل مسلم لیگ (ن) ہے یا پیپلز پارٹی تاہم پنجاب سے تعلق رکھنے والے ممبران قومی وصوبائی اسمبلی کا زیادہ رجحان مسلم لیگ ن کی طرف ہے عام انتخابات میں کامیاب آزاد امیدواروں کا سیاسی جماعتوں میں شمولیت کا آغاز ہو گیا ہے۔ این اے 54 ٹیکسلا سے بیرسٹر عقیل ملک، این اے 48 سے راجہ خرم نواز اور بلوچستان کے حلقہ این اے 253 سے آزاد امیدوار میاں خان بگٹی نے مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کر دیا جس کے بعد ن لیگ کی نشستوں کی تعداد 73 سے بڑھ کر 76 ہو گئی۔ جبکہ سات آزاد امیدواروں نے پیپلز پارٹی سے رابطہ کیا ہے حکومت سازی کے مرحلے کا آغاز ہو چکا ہے مفاہمت کے جادوگر آصف علی زرداری کی جادوگری کا وقت شروع ہو چکا ہے اب دیکھنا یہ ہے یہ وہ اپنے لخت جگر کو وزیر اعظم ہاؤس تک لے جا پاتے ہیں یا پھر وہ خود اپنے لئے ایوان صدر کو منتخب کرتے ہیں یہ سارے کارڈز مفاہمت کے جادو کے ہاتھ میں ہیں ایک بات تو طے ہے نئی حکومت سازی میں آصف علی زرداری اہم اہمیت اختیار کر گئے ہیں۔

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

ورلڈ بنک کا پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کا قیام

صوبے کے ماتھے کا جھومر

خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات اور معلومات ہر فرد تک پہنچانے کیلئے جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ وقت کی اہم ضرورت

یہ پروگرام کلینکل فرنچائزنگ، واؤچر سکیموں، اور کمیونٹی لیڈرز کے ذریعے فیملی پلاننگ کونسلنگ کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا

عالمی بینک کا پروگرام خاندانی منصوبہ بندی کو بہتر بنانے اور آبادی میں اضافے کو کم کرنے پر مبنی، پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کی جانب سے اہداف کے حصول کیلئے 4 نکاتی ایجنڈ امتعارف

عوام کے رویئوں اور سوچ میں مثبت تبدیلی لاکر پنجاب کی آبادی اور وسائل میں توازن یقینی، مردوں کی شمولیت، باقاعدہ مکالمہ کرنے، بزرگوں اور والدین کو حساس بنانے میں علمائے کرام کا کردار مزید فعال



تحریر۔ محمد ناظم الدین

صوبہ پنجاب ملک کی نصف سے زیادہ آبادی کا گھر ہے۔ عالمی بینک کا صوبہ پنجاب کے لئے جاری پروگرام خاندانی منصوبہ بندی کو بہتر بنانے، کنٹراسیپٹیو زادویات کے استعمال اور آبادی میں اضافے کو کم کرنے پر مبنی ہے۔ ورلڈ بنک کا یہ پروگرام پنجاب کے لوگوں کو خاندانی منصوبہ بندی کی معیاری خدمات تک مفت رسائی کی فراہمی اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات میں نگہداشت کے معیار کو ادارہ جاتی شکل دے رہا ہے۔ ڈیلیوری سسٹم اور لوگوں میں شعور وآگاہی اور بہتر صحت سے وابستہ سہولیات کی فراہمی کو فوکس کر رہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ خاندانوں کو خاندانی منصوبہ بندی کے فوائد سے آگاہ کیا جا سکے۔ ورلڈ بینک کا یہ پروگرام کلینکل فرنچائزنگ، واؤچر سکیموں، اور کمیونٹی لیڈرز کے ذریعے فیملی پلاننگ کونسلنگ جیسی اختراعات کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اس پروگرام کو پنجاب کے مختلف اضلاع میں پائلٹ کیا گیا ہے اور خاندانی منصوبہ بندی کے نتائج میں بہتری آ رہی ہے۔ اس پروگرام کو ان دور دراز علاقوں اور کمیونٹیز تک پہنچایا جا رہا ہے جہاں خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات محدود یا کوئی رسائی نہیں ہے۔ لیڈی ہیلتھ ورکرز، فیملی ویلفیئر ورکرز اور کمیونٹی ہیلتھ ورکرز ایک وسیع نیٹ ورک کے ذریعے صحت کی سہولیات، فیملی ہیلتھ کلینک اور فیملی ویلفیئر سے منسلک ہیں۔ یہ پروگرام واؤچر ترغیبی اسکیم، سماجی مارکیٹنگ، مرد اور کمیونٹی رہنماؤں کی مصروفیت، اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے استعمال میں اضافے کے لیے نوجوانوں کے پلیٹ فارمز کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا، اس ورلڈ بنک پروگرام کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی سے وابستہ خدمات فراہم کرنے والوں کے باہمی رابطے کو بھی بہتر بنایا جائے گا۔

پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کی جانب سے اہداف کے حصول کیلئے 4 نکاتی ایجنڈا متعارف کروایا گیا ہے۔ اس ایجنڈا میں خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات میں اضافہ یقینی بنانا، مردوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی، خاندانی منصوبہ بندی پر آنے والے اخراجات کا خاتمہ اور نوجوان طبقہ پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات اور معلومات ہر فرد تک پہنچانے کیلئے جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ اٹھانا شامل ہے تاکہ عوام کے رویئوں اور سوچ میں مثبت تبدیلی لاکر پنجاب کی آبادی اور وسائل میں توازن کو یقینی بنایا جا سکے۔ پی پی آئی ایف اور پی ڈبلیو ڈی کی کارکردگی کو صوبہ بھر میں متعارف کروانے کے لئے اہم اقدامات عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ جدید سائنسی و مواصلاتی دور میں بڑے پیمانے پر میڈیا مواصلاتی ٹولز جن میں ٹیلی ویژن و دیگر چینلز کسی بھی مواصلاتی رسائی کے لئے اہمیت کے حامل ہیں۔ پاکستان میں پی ٹی وی کے ہفتہ وار ناظرین کی تعداد 76.2 فیصد ہے جس میں سب سے بڑا حصہ عوامی چینلز کا ہے۔ پاکستان میں ذرائع ابلاغ کو ہمیشہ مذہبی، ثقافتی اور معاشرتی اصولوں اور طریقوں کو دکھانے کے لیے مؤثر طریقے سے استعمال کیا گیا ہے۔ سماجی اور رویے کی تبدیلی پر ذرائع ابلاغ کے اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے PPIF نے پرائیویٹ پروڈکشن کے ساتھ کا خاندانی منصوبہ بندی کی معلومات اور خدمات کے گرد سماجی بدنامی کو دور کرنے کے لیے ڈرامہ سیریل تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈرامہ سیریل کے ذریعے زندگی کے مختلف شعبے جن میں بچوں کی شادیاں، خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں سماجی بدنامی اور خاص طور پر نوجوان اور نو بیاہتا جوڑوں کے لیے خدمات، خرافات اور غلط فہمیاں کو عوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔ مانع حمل کے استعمال، ماں اور بچے کی صحت، شوہروں، سسرال والوں کا کردار، نوجوان لڑکیوں کی زندگیوں میں مذہب اور تعلیم سے وابستہ ہیکم عمری کی شادی بچیوں کی ذہنی اور جسمانی صحت دونوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتی ہیں ہے۔ بلوغت کی عمر بچیوں کی زندگی کا نازک ترین دور ہوتا ہے جس میں کسی قسم کا صدمہ، بیماری یا کمزوری ان بچوں کے لئے شدید مشکلات کا باعث بنتی ہے۔ ڈرامہ سیریل میں کم عمر میں بچوں کی شادیاں، خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں سماجی بدنامی اور خاص طور پر نوجوان اور نو بیاہتا جوڑوں کے لیے خدمات، خرافات اور غلط فہمیاں شامل بارے آگہی فراہم کی جائے گی۔

بلاقیمت کنٹراسیپٹیو ادویات اور معیاری FP خدمات کی فراہمی پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی پہچان ہے۔ لاجسٹک مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے مسلسل اور بلاتعطل سپلائی چین مینجمنٹ کو یقینی بنایا گیا ہے۔ گاؤں کی سطح پر کمیونٹی بیسڈ ورکرز کے ذریعے خاندانی

GROUP MEETINGS
LHSs / LHVs / LHWs

منصوبہ بندی کی معلومات تک رسائی کے ذریعے ایسے جوڑوں کے پاس جا رہی ہے جن میں مانع حمل کی ضرورت نہیں ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی سے متعلقہ تمام سہولیات کی فراہمی کے بہتر طریقہ کار کو یقینی بنایا گیا ہے۔ صحت مند وقت اور حمل کے وقفہ (HTSP) پر توجہ مرکوز کرنے والی مواصلاتی حکمت عملی اور طرز عمل میں تبدیلی مواصلات حکومت کا ایک اقدام ہے۔ ایف پی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے حکومت کا ایک اور اقدام پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ (پی پی آئی ایف) کا قیام ہے۔ جس میں پی ڈبلیو ڈی اور محکمہ صحت کی سرگرمیوں کو بڑھانا، خاص طور پر دیہی، غریب اور پسماندہ علاقوں میں خاندانی منصوبہ بندی کی کوریج کو بڑھانا اور سرکاری اور نجی کے جدید پروگراموں کی مالی اعانت ہے۔ تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول پبلک اور پرائیویٹ سیکٹرز کے درمیان ہم آہنگی کو عالمی بینک کی تکنیکی مدد سے ملٹی سیکٹرل پروگرام کے ذریعے مضبوط کیا جا رہا ہے تاکہ آؤٹ ریچ ورکرز کی تربیت کے ذریعے قبل از پیدائش اور بعد از پیدائش خاندانی منصوبہ بندی سمیت صحت کے نظام میں تمام ممکنہ مواقع سے استفادہ کیا جاسکے۔ مردوں کی شمولیت، باقاعدہ مکالمہ کرنے اور بزرگوں اور والدین کو حساس بنانے میں علمائے کرام کے کردار کو مزید مضبوط کیا جا رہا ہے۔ آبادی میں تیزی سے اضافہ سماجی و اقتصادی ترقی کی رفتار اور امکان کو بری طرح متاثر کررہا ہے۔ اس مسئلے کو حل صرف مؤثر رضا کارانہ خاندانی منصوبہ بندی (FP) خدمات ہیں۔ خاندانی منصوبہ بندی کے نتیجے میں خاندانی صحت اور مجموعی انسانی فلاح و بہبود سمیت متعدد فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت کے حوالے سے لوگوں کو با اختیار بنا کر انہیں سماجی و اقتصادی ترقی میں حصہ لینے کے لیے طاقتور، قابل اور فعال بناتا ہے۔ پنجاب گروتھ اسٹریٹجی میں انحصار کے تناسب میں کمی کا تصور کیا گیا ہے جو روزگار کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور با اختیار بنانے کے لیے اہم ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی تک بہتر رسائی کے بغیر، اقتصادی ترقی میں ہونے والے اہم فوائد بے اثر ثابت ہوتے ہیں۔ اگلی دو دہائیوں میں ڈیموگرافک ڈیویڈنڈ سے فائدہ تعلیم میں سرمایہ کاری (خصوصاً خواتین کی تعلیم)، مہارت کی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ مانع حمل کی شرح میں اضافہ اور زرخیزی میں کمی کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ حکومت پنجاب سروس ڈیلیوری آؤٹ لیٹس کی توسیع کے ذریعے کوریج کو تیزی سے بڑھانے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

عالمی سطح پر خاندانی منصوبہ بندی کے جدید طریقوں کے ذریعے مردوں اور خواتین میں خاندانی منصوبہ بندی اپنانے کی یکساں شرح کو ممکن بنانے کیلئے امید افزاء اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں۔ سماجی و ثقافتی رکاوٹوں کا خاتمہ یقینی بنانے کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق پروگراموں میں مردوں کی شمولیت ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں مردوں اور عورتوں تک کمیونٹی ورکرز اور ٹیلی ہیلتھ کے ذریعے معلوماتی چینلز کے فروغ سے ان تک رسائی کے حصول کو ممکن بنا کر انہیں ایک نیٹ ورک کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی فراہمی کو مؤثر بنا دیا گیا ہے۔ جس میں پہلی مرتبہ مرد معالج، حکیم، ہومیوپیتھس اور فارمیسیز کی شمولیت کو ممکن بنایا گیا ہے۔ جہاں خواتین ہیلتھ ورکرز خواتین و مرد حضرات کو ریفر کرتے ہیں۔ بچوں کی پیدائش میں وقفہ کے طریقہ کار کی بدولت پنجاب کے 28 اضلاع میں مقررہ اہداف کے حصول کو ممکن بنا دیا گیا ہے۔ پاکستان میں خاندانی منصوبہ بندی کے زیادہ تر پروگرام صرف خواتین پر اپنی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں جبکہ مرد حضرات کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق معلومات، مشاورت اور خدمات کے حصول کے مواقع انتہائی محدود ہیں۔ اس امر میں کوئی شک نہیں کہ زیادہ تر گھروں میں فیملی کے سربراہ شوہر حضرات کے فیصلوں کو فوقیت دی جاتی ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق شوہر حضرات کی معلومات اور شعور خواتین کے مانع حمل ادویات کے استعمال پر براہ راست اور نمایاں اثرات مرتب کرتا ہے۔ شعوری طور پر باہمی مشورہ سے خاندانی منصوبہ بندی کے جدید طریقہ جات اپنانے، معیاری معلومات اور خدمات تک رسائی کے لیے لاہور، رحیم یار خان، مظفرگڑھ، ملتان، بہاولپور، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور راولپنڈی اضلاع میں سہولیات تیزی سے فراہم کی جا رہی ہیں۔

فری میڈیکل کیمپ
District Population Welfare Office

پی پی آئی ایف نے خواتین کو خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات اور معلومات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے تربیت یافتہ خواتین "نور ورکرز" کا نیٹ ورک متعارف کروایا ہے جو کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ماڈل کے طور پر لانچ کیا گیا جو ابتدائی سطح پر ہی کامیابی سے ہمکنار ہوا ہے۔ اس ماڈل کی اہمیت، افادیت اور بہتر نتائج دیکھتے ہوئے اس کا دائرہ کار مزید 10 اضلاع شیخوپورہ، ننکانہ، فیصل آباد، گوجرانوالہ، قصور، چنیوٹ، ٹی ٹی سنگھ، سرگودھا اور لاہور تک بڑھا دیا گیا ہے۔ پی پی آئی ایف نے خواتین کو خاندانی منصوبہ بندی کے بارے مشاورت اور صحت کی خدمات کو بہتر بنا کر اسے پسماندہ طبقات کے گھروں کی دہلیز تک ان سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنا دیا ہے۔ اس ماڈل کو کمیونٹی ریسورس پرسنز کے طور پر اپنی خدمات فراہم کرنے والی مقامی طور پر تربیت یافتہ خواتین کے ذریعے پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز کیا گیا۔ اس پروگرام سائیکل میں اسے "نور" کے نام سے تعبیر کیا گیا۔ اس ماڈل کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات ہر ایک شخص تک پہنچانے کیلئے گروپ آگاہی سیشن، آڈیو ویژول اور پرنٹ میٹریل کے ذریعے معلومات کی ترسیل کو یقینی بنایا گیا ہے۔ کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ماڈل کا مقصد دیہی لیڈی ہیلتھ ورکرز کے ذریعے خواتین "نورورکر" کو سماجی واقتصادی طور پر با اختیار بنا کر عالمی معیار کے عین مطابق خاندانی منصوبہ بندی کی سہولیات کی فراہمی کو ہر گھر تک یقینی بنا دیا گیا ہے۔

محکمہ بہبود آبادی صوبہ بھر میں تیزی سے آبادی کے پھیلاؤ کے کنٹرول کے لئے متعدد اقدامات عمل میں لائے ہوئے ہے۔ اس سلسلہ میں حکومت پنجاب کی جانب سے پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ نے دوررس نتائج کے حامل پروگرام شروع کئے ہیں تاکہ لوگوں میں شعور وآگاہی کے

Punjab Population Innovation Fund

ذریعے مستقبل میں آبادی کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ پنجاب کی شرح نمو 2.13 ہے جس کے نتیجے میں کل آبادی 11 کروڑ سے زائد ہے۔ فیملی پلاننگ کی ضروریات، سپلائی اور اس متعلقہ خدمات کی فراہمی میں موجود فرق کی وجہ سے 10 لاکھ سے زائد اسقاط حمل اور 10 لاکھ اضافی بچوں کی پیدائش ریکارڈ کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقائق اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ فیملی پلاننگ کیلئے درکار ضروریات اور شرح نمو میں اضافے کا تناسب ایک دہائی سے برقرار ہے اور خاندانی منصوبہ بندی کے روایتی طریقوں سے اس فرق کا خاتمہ نہایت مشکل کام ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی کی کوریج بڑھانے کے ساتھ بہتر معیار کی خدمات فراہم کرنے کیلئے حکومت پنجاب کی جانب سے پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جو جدید طریقہ جات اپنا کر کلائنٹس کے گھروں تک خدمات کی فراہمی کو یقینی بنا رہا ہے۔ ان تمام جدید اقدامات کا مقصد انوویشن پر مبنی کمیونیکیشن اپنا کر خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک بالخصوص دیہی علاقوں کے رہائشی افراد کی آسان رسائی ممکن بنانے میں سرگرم عمل ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 12 فروری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 12 فروری 2024 صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، بنی گالہ G-6/3، سی ڈی اے آفس، پی ایچ اے فلیٹس، F-6/2، پنڈوریاں، لوہی بھیر، فراش ٹاؤن، سکیم۔ II، ایوب مارکیٹ، G-10/1، انڈسٹریل II-، I-10/1، I-درگاہ، E-11/1، رہاڑہ، سی ایم پاک زونگ، کری، آئیسولیشن ہسپتال، PHA-1، کلڈانہ، بارین، پتریاٹہ، اپر ٹوپہ، منگیال فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ای بلاک، سی بلاک، کری روڈ، فضاحیہ، مسلم ٹاؤن، گنگال، ڈھوک حکمداد، سٹی، میجر مسعود، سبحان شہید، احسن آباد، باغ سرداراں، ٹیچ بھاٹہ، پشاور روڈ، عسکری الیون، امیر حمزہ کالونی، گولڑہ، ایم ایف ایم شمس کالونی، I-16، سی ڈی ایل کالونی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کشمیر روڈ، جہانگیر روڈ، رحمت آباد۔ I، این پی ایف۔ II، موہڑہ نگیال، مری بروری، ہمایوں۔ I، خصالہ، رنیال، قائد اعظم کالونی، آر اے بازار، راجز، ساگری، لہتراڑ۔ II، بلکر سیداں، نارہ مٹور، چوک پنڈوری، ڈھوک اعوان، ڈی ایچ اے ویلی، ریڈ کوٹھی، نیو کلیام، سکھو، رمن، گگن، زراج، زراج 2، ڈھوک اعوان، IST، موہڑہ نگیال، سکیم۔ III فیڈرز، اٹک سرکل، مارگلہ، غازی کوہلی، میوزیم، نثار شہید، شاہ اللہ دتہ، سرائے خربوزہ، خان آباد، لالہ زار، حسین آباد، غور غشتی، ویسا، جمید، مانسر، کمریال رورل، ماری، بولنوال، پنڈی گھیپ سٹی، ملہووالی، نور پور، باہتر، پری، کھوڑ، کمریال، گل محمد، امن پور فیڈرز، جہلم سرکل، F-7، کچہری، اجمل شہید، عباس پورہ، لنگر پور، بولانی، شمس آباد، اکرم شہید، سٹی ہاؤسنگ، کھوال، بونگ۔ II، دینہ۔ 1، بکرالہ، بھگوال، چکیام، سنگھوئی، دینہ۔ 4، سٹی، وارڈ نمبر۔ 8، خولی بل اعوان، گلیانہ، کنگر ٹھاٹی فیڈرز، چکوال سرکل، تھرپال، لائن پارک، جمال وال، میانی، اسلامیہ چوک، ڈیرہ مسلم، ڈھڈیال سٹی، ڈھوڈا، پٹن وال، ڈنڈوت، ڈفر، دلوال، طوبا، پی ڈی خان، عبداللہ پور، بلکسر، کوٹ گلہ، کوٹ شیرا، پیچند، کالو، اکوال، بلال آباد، درووٹ، میال، ونہار فیڈرز، جی ایس او سرکل صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، انڈسٹریل۔ 1، کرسٹل بورڈ۔ F-2.2، سراج سٹیل، عباس پورہ، کھوٹہ، پٹی چھپران، منڈولہ۔ 1، بھنگو، بھیرہ، سری، منڈولہ۔ 2، سٹی۔ 2 فیڈرز اور گرد و نواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گرد و نواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

کی خلاف ورزی کرنیوالی بڑی گاڑیوں، بغیر ہیلمٹ اور لین کی خلاف ورزی کرنیوالے موٹر سائیکل سواروں سمیت دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید سخت اور مؤثر بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جانب سے خصوصی دستے بھی تشکیل دیے گئے ہیں جو کہ شہر میں مختلف مقامات پر کارروائی عمل میں لا رہے ہیں، جبکہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس آگاہی ونگ مختلف شاہراؤں اور شہر کے اہم مقامات پر شہریوں کو روڈ سیفٹی قوانین کے متعلق خصوصی آگاہی فراہم کر رہے ہیں، ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں، موٹر سائیکل سواروں اور دیگر عناصر سے سختی سے نمٹا جائیگا، قانون کی پاسداری کو ہر ممکن یقینی بنانا اور شہر میں مربوط ٹریفک نظام کی بحالی اولین ترجیحات ہیں، شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے ٹریفک پولیس سے تعاون کریں تا کہ شہر کو حادثات سے پاک رکھا جاسکے۔

بقیہ 2

ایلیٹ فورس، لیڈیز پولیس، ٹریفک پولیس، وائرلیس سٹاف، PC، ریزرو، PHP، پاک آرمی، رینجر کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے فرائض کو احسن طریقے سے سرانجام دیا۔ اس کے علاوہ تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات، ، پارلیمنٹیرینز، ، میڈیا نمائندگان ، سول سوسائٹی کے ممبران، ، انتظامیہ ایجنسیز، اور والنٹیئرز کا جنرل الیکشن 2024 کو پرامن بنانے میں اہم کردار ادا کرنے پر بھکر پولیس شکریہ ادا کرتی ہے۔

بقیہ 3

دیا گیا ہے۔ بی جے پی کے انتہا پسندوں نے ہریانہ میں مسجد کو آگ لگا دی گئی اور امام مسجد کو شہید کر دیا گیا۔ ریاست اتراکھنڈ کے شہر ہلدوانی میں بھی بی جے پی کیغنڈوں نے مسجد کو غیر قانونی قرار دے کر نذر آتش کر دیا۔ انتہا پسندوں نے علاقے میں جلا گھیرا، پتھرا کیا اور متعدد گاڑیوں کو آگ لگائی۔ مسجد اور مدرسے کو مسمار کرنے کے بعد ضلع مجسٹریٹ نے علاقے میں کرفیو لگا دیا۔ مودی سرکار کی فرقہ وارانہ تشدد کی آگ میں 2 افراد جاں بحق اور 100 سے زائد زخمی ہوئے۔ ماضی میں بھی مودی سرکار مذہبی اقلیتوں کے حقوق پامال کرتی رہی ہے۔ بابری مسجد کی جگہ رام مندر کی تعمیر اور نئی دہلی میں مسجد اکھونجی کا انہدام بھارت کی فسطائیت کا ثبوت ہے۔

بقیہ 4

جھگڑے کے دوران چار افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں کارکنان ایک مرتبہ پھر آپس میں لڑ پڑے۔ اس دوران نامعلوم مسلح افراد نے سول اسپتال ٹراما سینٹر میں اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری نے اسپتال پہنچ کر حالات کو کنٹرول کر لیا، لیاری میں جھگڑے کے دوران زخمی ہونے والوں کی شناخت 30 سالہ گل جمید ولد گل حکیم، 26 سالہ محمد علی ولد محمد رمضا، 42 سالہ محمد یاسین ولد عدالت خان اور 33 سالہ امیر علی ولد جمعہ خان کے ناموں سے کی گئی۔ تمام زخمی ہونے والے پیپلز پارٹی کے کارکنان بتائے جاتے ہیں۔ بعدازاں پیپلز پارٹی کے ایک گروپ نے سول اسپتال برنس وارڈ کے قریب چوک پر دھرنا دیتے ہوئے سڑک پر ٹائر جلائے اور سول اسپتال آنے جانے والے راستوں پر رکاوٹیں رکھ کر بلاک کر دیا جس کے باعث ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی۔ ہنگامہ آرائی ، فائرنگ اور جلاؤ گھیراؤ کے دوران عیدگاہ تھانے کی پولیس موقع پر موجود ضرور تھی تاہم پولیس افسران و اہلکاروں نے خاموش تماشائی کا کردار ادا کیا۔ مظاہرین نے پیپلز پارٹی کراچی کے صدر نثار کھوڑو اور اعلیٰ قیادت سے مطالبہ کیا کہ پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ساؤتھ کے صدر خلیل ہوت کو ان کے عہدے سے برطرف کر کے ان کے اور ان کے درجنوں ساتھیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 5

گریڈ اٹھارہ سے انیس میں پرموٹ کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا انکی پرموشن شہری سماجی حلقوں نے مبارکباد دیتے ہوئے اظہار مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انکی یہ پرموشن اہلیان گوجرخان کے لیے باعث فخر ہے غازیوں شہیدوں کی اس دھرتی نے بیشمار نامور شخصیات کو جنم دیا ہے جن کو بڑے بڑے منصب ملے ہیں امید کرتے ہیں کہ وہ ایسے ہی احسن طریقے سے اپنے عوام کی خدمات کا سلسلہ جاری رکھیں گے

بقیہ 6

الیکشن کے بعد حکومت سازی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ جو بھی وزیراعظم بنے وہ کراچی کا دکھ سمجھے، سابق وزیراعظم نے کراچی میں 24 گھنٹے بھی نہیں گزارے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی قیادت لاہور میں موجود ہے، ن لیگ اور ایم کیو ایم کی پہلے سے ملاقاتیں جاری ہیں، الیکشن میں کامیابی پر اچھے طریقے سے جشن منائیں گے۔ رہنما ایم کیو ایم پاکستان نے کہا کہ آزاد امیدواروں کے نمبرز کلیئر ہونے کے بعد صورتحال واضح ہوگی۔ انتخابات میں آزاد ارکان بڑی تعداد میں کامیاب ہوئے، پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدوار بھی آزاد ہیں، ن لیگ کے 12 ممبران بھی آزاد حیثیت سے الیکشن لڑے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات سے 2 ماہ قبل آئینی ترمیم پیش کر دی تھی، جس کو ہماری ترمیم قبول ہے وہ ہمارے لئے قابل قبول ہے، ن لیگ نے ہماری ترامیم کو اپنے منشور کا حصہ بنایا اور ہماری ترمیم پر مثبت رسپانس دیا، مسلم لیگ ن ابھی تک سنجیدگی دکھا رہی ہے۔ حیدر عباس رضوی نے کہا کہ سندھ میں 15 سال پیپلز پارٹی نے حکومت کی، پیپلز پارٹی کے ساتھ ہمارا دور بہت اچھا نہیں گزرا، ن لیگ کی سندھ میں کوئی بڑی تعداد نہیں ہے، جب کہ جی ڈی اے کی انتخابات میں کارکردگی سب کے سامنے ہے۔

بقیہ 7

کرنے کے بعد مزید تفتیش کا آغاز شروع کر دیا۔

بقیہ 8

پیدا ہوگا، پولرائزیشن بڑھا دی گئی، الیکشن کمیشن شفاف انتخابات کرانے کی آئینی ذمہ داری پوری کرنے میں مکمل ناکام ہوا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں مرکزی لیڈرشپ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں نائب امرا لیاقت بلوچ، راشد نسیم، ڈاکٹر فرید پراچہ، سیکرٹری جنرل امیر العظیم، ڈپٹی سیکرٹری جنرل اظہر اقبال حسن، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف اور امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت سراج الحق نے الیکشن نتائج کو جعلی اور دھاندلی زدہ قرار دیتے ہوئے الیکشن کمشنر کے فوری استعفیٰ اور تحقیقات کے لیے آزاد اور غیر جانبدار کمیشن کے قیام کا مطالبہ کیا ہے۔ منصورہ میں مرکزی لیڈرشپ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی میں جماعت اسلامی کا مینڈیٹ چرایا گیا۔ تمام آزاد سرویز کے مطابق شہر کراچی میں جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا، ایم کیو ایم کہیں موجود نہ تھی لیکن عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالتے ہوئے اسے جتوایا گیا، بلوچستان سمیت دور دراز علاقوں سے نتائج وصول ہو رہے تھے، ملک کی تجارتی شہ رگ اور اہم ترین شہر کے رزلٹ روک کر جعلسازی کی گئی اور چوتھے پانچویں نمبر پر موجود پارٹی کو پہلے نمبر پر لا کھڑا کیا گیا، کراچی کے عوام اس جعلسازی کو قبول نہیں کریں گے، جماعت اسلامی اس کے خلاف بھرپور احتجاج کر رہی ہے، الیکشن کمیشن نے نتائج کو درست نہ کیا تو احتجاج کو اس کے ہیڈ آفس اسلام آباد تک وسیع کر سکتے ہیں، آزاد امیدوار بھی ہمارے ساتھ مظاہرے میں شریک ہونا چاہیں تو خوش آمدید کہیں گے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ وہ کراچی جا رہے ہیں جہاں وہ جماعت کے مقامی قائدین، کارکنان اور شہریوں سے مل کر لائحہ عمل تشکیل دیں گے۔ مزید برآں امیر جماعت اسلامی کراچی روانہ ہوئے جہاں سندھ الیکشن کمشنر دفتر کے سامنے جماعت اسلامی کراچی کے احتجاجی دھرنے کی قیادت کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن نے کراچی میں جماعت اسلامی کے مینڈیٹ چوری کے خلاف گزشتہ روز دھرنے کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 9

وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں شیراز، پرویز اور خالد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ 7 موٹر سائیکل، 81000 روپے اور 5 موبائل فون برآمد ہوئے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے ایس ایچ او کینٹ اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، منظم اور متحرک گینگز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 10

بنی میں درج کیا گیا تھا۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 11

مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ بنی گالہ پولیس نے ملزم محمد خضر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد پسٹل تیس بور برآمد کر لیا، تھانہ بھلگراں پولیس نے ملزم محمد ارشد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 260 گرام ہیروئن برآمد کر لی، جبکہ چوری کی واردات میں ملوث ملزم نزاکت کو گرفتار کر کے چار لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کر لیا، تھانہ نون پولیس نے ملزم جمیل عباس کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد رائفل معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزم ساجد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے مسروقہ موٹر سائیکل اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 12

کینٹ پولیس نے ملزم الصباحسین سے 100 پتنگیں اور 02 ڈوریں، نصیر آباد پولیس نے ملزم آفاق سے 28 پتنگیں اور 02 ڈوریں، صادق آباد پولیس نے ملزم رضا سے 32 پتنگیں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ پتنگ بازی جان لیوا کھیل ہے، پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 13

ایکس پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اسی کے پیش نظر احتجاج موخر کر کے صرف ریٹرننگ افسروں کے دفاتر کے باہر پرامن احتجاج کرنے کی کال دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے پرامن احتجاج سے مینڈیٹ واپس لینا ہے اس کے لئے جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 14

کہ اجتماع کیلئے راغب کرنا بھی جرم ہے۔ ترجمان کے مطابق قانون کے دائرے میں پرامن احتجاج سب کا حق ہے۔ ترجمان کے مطابق ہر غیر قانونی اقدام پر پولیس قانونی کارروائی عمل میں لائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ قانون کی پاسداری سب پر فرض ہے۔ ترجمان نے کہا کہ شہریوں سے گذارش ہے کہ غیر قانونی سرگرمیوں کا حصہ بننے سے گریز کریں۔ ترجمان کے مطابق شہر میں امن و امان کا قیام اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے، کسی بھی غیر معمولی سرگرمی کی اطلاع پکار 15 یا آئی سی ٹی 15 ایپ پر دیں۔

بقیہ 15

کرینگے اور فتح کو شکست میں بدلنے والے اقدامات کا مقابلہ کرینگے۔ پی پی 10 سے امیدوار چوہدری امیر افضل نے ریٹرننگ آفیسر پر بھی عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تمام پولنگ اسٹیشنوں کے رزلٹ فارم 45 کی الیکشن ایکٹ 2017ء کے تحت اُنکی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کیلئے درخواست ریٹرننگ آفیسر کو دے دی ہے جبکہ ساتھ ہی الیکشن کمیشن اور ہائی کورٹ میں بھی اپیل دائر کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آجکل کے جدید دور میں ایسے اقدامات کرنا مناسب نہیں جبکہ انکے حلقے کا بچہ بچہ انصاف کیلئے جدوجہد کرنے کو تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام فارم 45 کو وہ ملکی و بین الاقوامی میڈیا سمیت تمام انصاف کے فورمز پر پیش کرینگے اور عوام کے ووٹ کی حفاظت کو ہر حال میں یقینی بنایا جائیگا۔ ادھر نماز جمعہ کے بعد کارکن گھروں سے نکل آئے اور حلقہ کے عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر شدید احتجاج کیا۔ سینکڑوں کارکنوں پر مشتمل ریلی بھی راولپنڈی کیلئے روانہ ہوگئی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ اپنا مینڈیٹ حاصل کئے بغیر گھر واپس نہیں جائیں گے۔

بقیہ 16

نشست جیت سکیں۔ یاد رہے کہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 88 خوشاب کا نتیجہ روک دیا گیا ہے جبکہ این اے 8 باجوڑ پر پولنگ ملتوی ہے۔

بقیہ 17

مطابق امتحانات مقررتاریخ پر ہوں گے۔

بقیہ 18

اجازت نہیں دی جائے گی، قانون ہاتھ میں لینا اور دوبارہ سے فتنہ فساد کی کوشش قبول نہیں کی جائے گی۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر ادارہ اپنی حدود میں کام کرے تو مسائل پیدا نہیں ہوتے، شکایت کنندہ امیدواروں کو الیکشن کمیشن میں جانا چاہیے، الیکشن والے دن پورے ملک میں وائی فائی چل رہا تھا، جعلی فارم 47 سوشل میڈیا پر گردش کر رہے ہیں، 2018 میں الیکشن کے نتائج پانچ دن میں مرتب ہوئے تب کوئی مسئلہ نہیں تھا، ایک شخص پاکستان کے لئے زہر قاتل ہے اس کو خوش نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) واحد پارٹی ہے جو حکومت بنا کر ملک کو آگے بڑھائے گی، پاکستان کے مسائل حل کرنا ایک پارٹی کے بس میں نہیں، ہمیں مل جل کر ان مسائل کو حل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سو فیصد رزلٹ آئے ہیں تو انہوں نے دھاندلی کا شور مچا دیا، جہاں جہاں یہ ہارے وہاں نیا طریقہ کار شروع کیا گیا ہے، اس کی ابتداء سلمان اکرم راجہ نے شروع کی۔ الیکشن ٹریبونلز کے اندر ہر امیدوار کو ثبوت دینے ہوتے ہیں، جسے اعتراض ہے الیکشن ٹریبونل جا کر بات کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ذمہ دار سیاسی پارٹی ہے، ہم جھوٹ اور فساد پر یقین نہیں رکھتے، پنجاب میں مسلم لیگ (ن) واحد اکثریتی پارٹی ہے، مسلم لیگ (ن) بغیر سپورٹ تنہا حکومت بنانے کی پوزیشن میں ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ قومی اسمبلی میں بھی مسلم لیگ (ن) اکثریتی پارٹی ہے، نواز شریف نے شہباز شریف کے ذمہ لگایا ہے وہ پارٹیز سے بات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک شخص اور ایک فتنے کے لیے پاکستان کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، قانون ہاتھ میں لینا اور دوبارہ سے فتنہ فساد کی کوشش قبول نہیں کی جائے گی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان کو مستحکم کرنے اور آگے بڑھانے کی ضرورت ہے، تمام سیاسی جماعتوں کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا پڑے گا، شہباز شریف کی سربراہی میں (ن) لیگ کی کمیٹی کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں اس وقت بیٹھی ہیں اور بات کر رہی ہیں۔

بقیہ 19

کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران الرٹ ڈیوٹی سرانجام دیں، اردگرد کے ماحول اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 20

گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم حمزہ سے 1 کلو 200 گرام چرس، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 21

عارف علوی نے کہا کہ ماضی کی تلخیوں کو دور کرنے کے لیے ایک حقیقی مینڈیٹ ضروری تھا جو نظر آرہا ہے، سیاست دانوں، ان کی جماعتوں اور اداروں کو اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے اس موقع کو قبول کر کے اس کا فائدہ اٹھانا چاہیے۔

بقیہ 22

ختم کرنے کی بجائے پھر سے ان کا مینڈیٹ چرانے اور نتائج کیساتھ غیر قانونی/قابل مذمت چھیڑ چھاڑ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ 23

سیٹیں ملی تھیں، لیکن ایم کیو ایم کو ملنے والی نشستیں سرپرائز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جائزہ لیں گے کہ ایم کیو ایم کو اتنی سیٹیں کیسے مل گئیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ایم کیو ایم رہنما اگر بانی متحدہ کی زبان میں بات کریں گے تو ان سے بات کرنا مشکل ہوجائے گا۔ سابق وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ کراچی کا امن فوج، رینجرز اور پولیس اہلکاروں کی شہادتوں کے بعد حاصل کیا ہے، اس کو خراب ہونے نہیں دیں گے۔

بقیہ 24

ووٹ لے سکے۔ دوسری جانب حلقہ این اے 252 موسیٰ خیل کم بارکھان کے غیر حتمی غیر سرکاری نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے سردار یعقوب خان 53783 ووٹوں سے کامیاب قرار پائے ہیں، اس حلقے سے آزاد امیدوار سردار بابر موسیٰ خیل 52992 ووٹ لے سکے۔

بقیہ 25

کے عمل کو سخت کرنے کے ساتھ پولیس کی چاک و چوبند دستے تعینات کر دیئے گئے، ہائی سکیورٹی زون میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کو بروقت منظم طریقہ سے قابو پانے کے لئے اسلام آباد کیپیٹل پولیس ہمہ وقت تیار ہے، کسی قسم کے غیر قانونی عمل کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، قانون کا احترام سب پر لازم ہے، تمام تر اقدامات شہریوں کی سہولت ان کے جان و مال کے تحفظ اور شہر کی سکیورٹی کے لئے اٹھائے جا رہے ہیں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اطلاع متعلقہ تھانہ ، ہیلپ لائن '' پکار-15'' یا '' آئی سی ٹی-15'' ایپ پر فوراً دیں۔

بقیہ 26

منشیات کی بھاری مقدار بیرون ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی، ترجمان کوسٹ گارڈز کے مطابق اونٹوں پر لدی 852 کلو چرس پکڑی گئی ہے، منشیات کو بعد میں لانچ اور اسپیڈ بوٹ سے بیرون ملک اسمگل کیا جانا تھا۔ ترجمان نے بتایا کہ برآمد منشیات کی عالمی منڈی میں مالیت کروڑوں روپے ہے، کوسٹ گارڈز نے 12 اونٹ، لانچ اور اسپیڈ بوٹ کو تحویل میں لیا ہے۔

بقیہ 27

ہوئی گندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا۔ کوہ پیماؤں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ رفع حاجت کے لیے بیس کیمپ سے بیگ خریدیں گے جو کہ ان کی واپسی پر چیک کیے جائیں گے، اس پابندی کا اطلاق ماؤنٹ لوتسے اور ماؤنٹ ایورسٹ دونوں پہاڑوں پر آنے والے کوہ پیماؤں پر ہوگا۔ اس سے قبل الاسکا کے ماؤنٹ دینالی میں اس فیصلے کا اطلاق کامیابی سے ہو چکا ہے، جس کے بعد نیپالی حکام نے بھی اس کو اختیار کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ہر سال کوہ پیماؤں کی تعداد میں اضافے کی وجہ سے ایورسٹ پر بڑھتا ہوا انسانی فضلہ نیپالی حکام کے لیے کافی پریشانی کا باعث تھا۔ دیہی میونسپلٹی کی چیئرمین منگما شیرپا نے بتایا کہ ہمیں متعدد جانب سے شکایات آرہی تھیں کی انسانی فضلہ پہاڑ کے پتھروں پر واضح ہوتا ہے اور دوسرے لوگوں کو بیمار کر رہا ہے جو کہ کسی صورت قابل قبول نہیں اور ہمارے تشخص کو بھی خراب کرنے کا باعث بن رہا ہے۔

بقیہ 28

نے فیروز آباد میں سائیڈ مار کر ڈیلیوری وین کو روکا اور گاڑی کو ڈرائیور سمیت ساتھ لے گئے۔ رپورٹ کے مطابق واردات کرنے والے مسلح ملزمان رکشے اور لوڈنگ گاڑی میں سوار تھے جنہوں نے 45 منٹ بعد ڈرائیور کو اتار کر ڈیلیوری وین لے کر فرار ہوگئے۔ ڈرائیور نے ہیڈ آفس پہنچ کر واردات کی اطلاع دی تو ٹریکر کی مدد سے وین کا سراغ لگایا گیا جو بعد ازاں ٹیپو سلطان کے علاقے پارسا ٹاور کے قریب لاوارث حالت میں ملی۔ کمپنی کا عملہ جب وین تک پہنچا تو وہ خالی تھی۔ دریں اثنا فیروز آباد تھانے میں موبائل سے بھری وین لوٹنے کی واردات کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق صدر اسٹار سٹی مال سے موبائل فون سے بھری وین کو لوڈ کیا گیا تھا۔ دو موٹر سائیکلوں پر چار ملزمان نے واردات کی۔ واردات کے حوالے سے پولیس حکام نے کہا کہ کوریئر کمپنی کی ڈیلیوری وین کے ڈرائیور کا بیان قلمبند کیا جا رہا ہے۔ ڈرائیور نے واردات کا وقت رات سوا دس بجے کا بتایا کہ جب کہ وین میں موبائل فون کے 35 کارٹن موجود تھے اور ہر کارٹن میں 10 سے 12 موبائل فونز موجود تھے۔ پولیس کے مطابق موبائل فون کی مالیت لگ بھگ 2 کروڑ روپے کے قریب بتائی جا رہی ہے جب کہ واردات کے مقام پر اطراف میں کسی کو واقعے کا علم نہیں تھا، واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ صدر کراچی الیکٹرانکس ڈیلرز ایسوسی ایشن (کیڈا) محمد رضوان عرفان نے کہا کہ اس طرح کی یہ 14 ویں واردات ہے، اس کی مذمت کرتے ہیں، آئی جی سندھ سے مطالبہ کرتے ہیں تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 29

ہونے والے انتخابات میں مداخلت کی خبروں سے بہت پریشان ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ کسی بھی آنے والی حکومت کی قانونی حیثیت منصفانہ انتخابات پر منحصر ہوتی ہے، جو ہیرا پھیری، دھمکیوں یا دھوکہ دہی سے پاک ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی عوام ایک شفاف جمہوری عمل اور حقیقی نمائندہ حکومت سے کم کے مستحق نہیں ہیں۔ الہان عمر نے کہا کہ میں محکمہ خارجہ سے مطالبہ کرتی ہوں کہ وہ نتائج کو اس وقت تک تسلیم کرنے سے گریز کرے جب تک بدانتظامی کے متعدد الزامات کی قابل اعتماد اور آزادانہ تحقیقات نہیں کر لی جاتیں۔ امریکی کانگریس کی خاتون رکن جیسمین کروکٹ نے بھی پاکستان کے انتخابات میں بدانتظامی کے الزامات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تحقیقات کی ضرورت پر زور دیا۔ امریکی خاتون کانگریس رکن نے مزید کہا کہ پاکستانی عوام کی خواہشات کا احترام کیا جانا چاہیے۔ پاکستانی الیکشن کے حوالے سے کانگریس کے رکن گریگ کاسر نے کہا کہ امریکا کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ نتائج کو تسلیم کرنے سے پہلے ایک قابل اعتماد اور آزادانہ تحقیقات مکمل کی جائیں۔ انہوں نے اپنی ایکس پوسٹ میں مزید لکھا کہ ہمیں جمہوریت اور عوام کی خواہشات کا تحفظ کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ امریکی رکن کانگریس لیزا میک کلین نے بھی کہا کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کا تقدس دنیا بھر میں جمہوریت کو برقرار رکھنے کے لئے اہم ہے۔ کانگریس کی رکن سوزی لی نے بھی اپنی ٹوئٹ میں پاکستان کے حالیہ انتخابات میں بدانتظامی کے الزامات کی مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ اس کے علاوہ امریکا کی ایک اور پارلیمنٹیرین مشیل اسٹیل نے بھی انتخابات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 30

ہے۔ استحکام پاکستان پارٹی، مسلم لیگ ضیاء اور تحریک لبیک پنجاب اسمبلی کی ایک ایک نشست پر کامیاب ہوئی ہیں۔ علاوہ ازیں مسلم لیگ (ن) کے ذرائع کے مطابق 22 آزاد ارکان میں 80 فیصد کے ساتھ معاملات طے پا گئے ہیں جبکہ (ن) لیگ کو پیپلز پارٹی کے 10 ووٹ بھی مل سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی حمایت سے جیتے ہوئے ارکان سے بھی (ن) لیگ نے رابطہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ منتخب ارکان کے تناسب سے خواتین اور اقلیت کی نشستیں بھی ملیں گے۔ پنجاب اسمبلی کے 371 کے ایوان میں حکومت بنانے کے لیے 186 ووٹ درکار ہیں۔

بقیہ 31

کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 32

چکے ہیں۔ 264 نشستوں میں سے آزاد امیدوار 101 نشستیں لے کر سب سے آگے ہیں، مسلم لیگ (ن) 75 اور پیپلز پارٹی نے 54 نشستیں حاصل کی ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان نے 17 نشستیں حاصل کیں، جمعیت علمائے اسلام (پاکستان) نے 4 جبکہ پاکستان مسلم لیگ نے 3 نشستیں جیتیں۔ استحکام پاکستان پارٹی نے 2 اور بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) نے بھی 2 نشستیں حاصل کیں۔ مجلس وحدت المسلمین (ایم ڈبلیو ایم) پاکستان، پاکستان مسلم لیگ (ضیا)، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی، بلوچستان عوامی پارٹی، نیشنل پارٹی اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے ایک، ایک نشست حاصل کی۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب اسمبلی کی 297 نشستوں میں سے 296 نشستوں کے غیر حتمی نتائج جاری کیے ہیں جبکہ رحیم یار خان کے حلقہ پی پی-266 پر انتخابات ملتوی کیے گئے ہیں۔ پنجاب اسمبلی کی 296 نشستوں میں سے 138 نشستوں پر آزاد امیدواروں نے کامیابی حاصل کر لی جبکہ مسلم لیگ (ن) صوبائی اسمبلی میں اکثریت جماعت بن گئی جس کے 137 امیدوار کامیاب ہوگئے۔ غیر حتمی نتائج کے مطابق پیپلز پارٹی نے پنجاب اسمبلی کی 10، مسلم لیگ (ق) نے 8 جبکہ تحریک لبیک، مسلم لیگ (ضیا) اور استحکام پاکستان پارٹی نے ایک، ایک نشست پر کامیابی حاصل کی۔ پنجاب اسمبلی کے ایک حلقے پی پی 266 پر انتخابی عمل ملتوی کر دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے سندھ اسمبلی کی 130 نشستوں میں سے 129 نشستوں کے غیر حتمی نتائج جاری کر دیے ہیں

بقیہ 33

درمیان سفر کر رہے ہیں ۔ آصف علی زرداری خصوصی طیارے پر آٹھ فروری کو شام چار بجے کراچی سے نوابشاہ پہنچے جہاں سے ان کا طیارہ اسلام آباد گیا، طیارہ نو فروری کو اسلام آباد سے سکھر اور پھر وہاں سے لاہور اور پھر وہاں سے اسلام آباد کے لئے روانہ ہوا۔ نو فروری کو ہی آصف زرداری کا طیارہ اسلام آباد سے واپس لاہور پہنچا، دس فروری کو طیارہ لاہور سے کراچی گیا اور پھر کراچی سے واپس لاہور آیا۔

بقیہ 34

نواز شریف کی درخواست پر چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ وکیل نواز شریف نے مؤقف اپنایا کہ ہمیں این اے 15 مانسہرہ کے 125 پولنگ اسٹیشنز کے فارم 45 نہیں ملے، کالا ڈھاکا کا علاقہ انتہائی پسماندہ اور برفباری والا علاقہ ہے، پریزائڈنگ افسران نے پولنگ ایجنٹس کو نکال دیا تھا، شفاف انتخابات کا انعقاد الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ وکیل نواز شریف نے استدلال کیا کہ اس حلقے میں الیکشن شفاف نہیں ہوئے، فارم 45 کی بغیر فارم 47 جاری نہیں ہوسکتا، این اے 15 مانسہرہ کا حتمی نوٹیفکیشن روکا جائے، ریٹرننگ افسر این اے 15 مانسہرہ کا جاری فارم 47 درست نہیں ہے۔ ممبر الیکشن کمیشن خیبر پختونخوا نے استفسار کیا کہ کیا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ الیکشن شفاف نہیں ہوا جس پر وکیل نواز شریف نے جواب دیا کہ اس حلقے کے الیکشن شفاف نہیں ہوا۔ الیکشن کمیشن نے این اے 15 مانسہرہ کا حتمی نوٹیفکیشن روکنے سے متعلق فیصلہ سناتے ہوئے آر او کو این اے 15 کا حتمی نتیجہ جاری کرنے سے روک دیا۔ واضح رہے کہ سابق وزیراعظم نواز شریف نے این اے 15 مانسہرہ کا انتخابی نتیجہ چیلنج کیا تھا، الیکشن کمیشن میں دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ مانسہرہ کے کئی علاقوں میں برف باری کے باعث رابطوں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ درخواست میں کہا گیا تھا کہ 125 سے زائد پولنگ اسٹیشنوں سے فارم 45 نہیں پہنچے لیکن نتائج کا اعلان کر دیا گیا، اس لیے این اے 15 سے نتیجے کو روکا جائے۔ یاد رہے کہ نواز شریف کو این اے 15 مانسہرہ آزاد امیدوار نے شکست دی تھی، آزاد امیدوار شہزادہ محمد گشتاسپ خان 105249 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے تھے جب کہ نواز شریف 80382 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے تھے۔

بقیہ 35

پاکستان کو اسمارٹ اور محفوظ شہروں کی تعمیر میں مدد دے رہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق سال 2022 کے آغاز میں سی پی آئی این ایس لیب کو نسٹ اور گوانگژو انسٹی ٹیوٹ آف سافٹ ویئر ایپلی کیشن ٹیکنالوجی کی مشترکہ کاوشوں سے پاکستان نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) میں باضابطہ طور پر قائم کیا گیا۔ اس وقت مختلف تحقیقات منظم انداز میں جاری ہیں۔ سی پی آئی این ایس لیب کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ووجون نے گوادر پرو کو بتایا کہ ہم نے یو اے وی کنٹرول سسٹم اور اے آئی شناخت لوکلائزیشن جیسے شعبوں میں بڑی پیش رفت کی ہے، ہماری لیب پاکستان میں اسمارٹ شہروں کی ایپلی کیشن شروع کر رہی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس پلیٹ فارم کے ذریعے ہمارے پختہ تحقیقی نتائج کو پاکستان میں مقامی منصوبوں کے ساتھ گہرا منسلک کیا جا سکتا ہے، جو مقامی حالات کے مطابق اسمارٹ سٹی سے متعلق مصنوعات اور ذہین حل فراہم کرتا ہے، ہم مقامی شہری نظم و نسق کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لئے اسمارٹ اسٹریٹ لائٹس اور اسمارٹ ویڈیوز جیسی بنیادی ٹیکنالوجیز اور مصنوعات کو موثر طریقے سے نافذ کرنے کے قابل ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق نسٹ میں اسکول آف الیکٹریکل انجینئرنگ اینڈ کمپیوٹر سائنس (ایس ای سی ایس) میں ایسوسی ایٹ پروفیسر سیماب لطیف نے اشارہ دیا کہ چین کی مصنوعی ذہانت کی صنعت دنیا کی قیادت کر رہی ہے، ساتھ ہی پاکستان کی سائنسی اور تکنیکی ترقی میں وسیع امکانات موجود ہیں، اس طرح دو طرفہ تعاون کو گہرا کر کے، لیب کے پاکستانی حصے کی سربراہ اور ایسوسی ایٹ پروفیسر سیماب لطیف نے اشارہ دیا کہ سائنس ٹیک تعاون پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان سائنس ٹیک کے شعبے میں بڑی ترقی کر سکتا ہے جس کے ذریعے جنوبی ایشیا میں مصنوعی ذہانت کا ترقیاتی مرکز بننے کی صلاحیت موجود ہے، لطیف کے مطابق یہ لیب پاکستان میں موثر ٹریفک مینجمنٹ سسٹم اور انفراسٹرکچر مانیٹرنگ سسٹم جیسے اسمارٹ سٹی منصوبوں کی ترقی کے لیے چین کی ٹیکنالوجی استعمال کر رہی ہے، اس وقت مقامی حالات کی بنیاد پر لیب کی جانب سے تیار کردہ لائسنس پلیٹ ریکوگنیشن سسٹم اور انٹیلیجنٹ سیکورٹی سسٹم کو پاکستان میں پائلٹ کیا جانے لگا ہے، زیادہ سے زیادہ پاکستانی باشندے ذہین نظام وں کے اطلاق کے ذریعہ لائی گئی حفاظت اور سہولت کا تجربہ کرنے کے قابل ہوں گے۔ گوادر پرو کے مطابق اب تک، تعاون کے نتائج ابھر رہے ہیں، ڈاکٹر وو نے بتایا کہ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ پاکستان کو اکثر سیلاب کا خطرہ رہتا ہے ، دونوں اطراف کے سائنس دانوں نے اپنی دانشمندی کو یکجا کرتے ہوئے ایک اہم نتیجہ رئیل ٹائم ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے لئے یو اے وی کی مدد سے جدید فریم ورک تیار کیا، جو مقامی سیلاب سے نمٹنے کے لئے زیادہ سائنسی اور موثر حل فراہم کرتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ٹیکنالوجی کو بیرون ملک لانے کے علاوہ ٹیلنٹ کے تبادلے اور تربیت کو لیب کے قیام کا ایک اور اہم مقصد کہا جا سکتا ہے، آج کل، لیب نے پاکستان سے چار بہترین پوسٹ ڈاکٹر فیلوز کو گوانگژو میں طویل عرصے سے کام کرنے کے لئے بھرتی کیا ہے، اور آنے والے سالوں میں طلبا کی بھرتی جاری رکھے گا۔ لیبارٹری کے محقق سحر ارشاد نے کہا کہ ہم چینی ہم منصبوں کے ساتھ مختلف دلچسپ منصوبوں پر کام کر رہے ہیں، جن میں سرگرمی کا پتہ لگانا، چال کی شناخت، خودکار لائسنس پلیٹ کا پتہ لگانا اور رئیل ٹائم شناخت کے ساتھ ساتھ فضلے کا انتظام شامل ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ایک ابھرتی ہوئی معیشت کے طور پر پاکستان کا بنیادی ڈھانچہ دن بدن ترقی کر رہا ہے۔ بڑی تعداد میں روڈ کیمروں اور دیگر آلات کو ابھی تک دانشورانہ طور پر تیار نہیں کیا گیا ہے، جس سے پتہ چلتا ہے کہ سی پی آئی این ایس لیب میں مستقبل میں بہت زیادہ صلاحیت ہے۔ عام طور پر پاکستان میں مصنوعی ذہانت کے شعبے نے ابھی تک کوئی صنعت تشکیل نہیں دی ہے، لیکن ملک میں سائنس ٹیک ٹیلنٹ کی بھی کمی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ مزید تعاون کے ذریعے پاکستان جنوبی ایشیا اور وسیع تر خطے میں مصنوعی ذہانت کی ترقی کا مرکز بننے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔

بقیہ 36

جبکہ ڈیفالٹ ہونے والے ملک سری لنکا کا فہرست میں 18 واں نمبر ہے۔ ٹریڈنگ اکنامکس نامی ویب سائٹ کی جانب سے غذائی افراط زر سے متعلق دنیا بھر کے ممالک کی فہرست جاری کی گئی ہے۔ فہرست کے مطابق لبنان 352 فیصد مہنگائی کے ساتھ دنیا کا مہنگا ترین ملک قرار دیا گیا ہے۔ 0.4 فیصد کے ساتھ چین غذائی افراط زر کے حوالے سے دنیا کا سستا ترین ملک ہے۔ مہنگے ترین ممالک کی فہرست میں وینیزویلا 158 فیصد کے ساتھ دوسرے، زمبابوے 108 فیصد کے ساتھ تیسرے جبکہ ایران کا 71.5 فیصد کے ساتھ فہرست میں چوتھا نمبر ہے۔ اسی طرح اسلامی ملک ترکی 53.92 فیصد کے ساتھ آٹھویں نمبر پر موجود ہے۔ مہنگائی میں اضافے کے بعد پاکستان 48 فیصد کے ساتھ 13 ویں نمبر پر موجود ہے۔ پاکستان کا ہمسایہ ملک بھارت 8.3 فیصد کے ساتھ 125 ویں جبکہ بنگلہ دیش 9.0 فیصد کے ساتھ 111 واں نمبر دیا گیا ہے

بقیہ 37

بتایا کہ دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشیں اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال تیمر گرہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ دھماکا بارودی مواد پھٹنے کے باعث ہوا۔ دوسری جانب سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 38

انہوں نے کہا کہ جس جماعت کی گراس روٹ لیول پر ٹیم ہی موجود نہیں اس کو کیا ووٹ پڑیں گے، مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ مشکل حالات کے باوجود انہوں نے لاہور میں الیکشن لڑا لیکن ڈبل ڈیجٹ سے آگے نہیں بڑھ سکے۔ اگر وہ نتائج کو چیلنج کرنا چاہیں تو وہ کر سکتے ہیں یہ ان کا حق ہے۔

بقیہ 39

رہے۔ سردار عبدالرازق نے بتایا کہ رات کی تاریکی میں شب خون مار کر رزلٹ تبدیل کیا گیا، فارم 47 فارم 45 کو نظرانداز کر کے جعلی طور پر تیار کیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے ابتدائی سماعت کے بعد آر او سے جواب طلب کر لیا اور این اے 55 کے انتخابی نتائج روک دیے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے آزاد امیدوار پی ٹی آئی کے چوہدری نذیر کی پٹیشن پر پی پی 11 راولپنڈی کے نتائج پر بھی حکم امتناعی جاری کر دیا۔

بقیہ 40

سمیت تین افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ پولیس حکام کے مطابق الیکشن سے ایک روز قبل گلشن اقبال میں دھماکا ہوا تھا جس کا مقدمہ ایس ایچ او مبینہ ٹاؤن کی مدعیت میں سی ٹی ڈی میں درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے میں قتل، انسداد دہشت گردی اور ایکسپلوزیو ایکٹ کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں ہلاک حملہ آور اور نامعلوم سہولت کاروں کو نامزد کیا گیا، مبینہ حملہ آور فاروق رحمٰن میرانی کی ہلاکت ہوئی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہ آسکی۔ ذرائع کے مطابق تحقیقات جاری ہیں کہ فاروق رحمٰن کے پاس دستی بم کیسے اور کہاں سے آیا؟ مدعی ایس ایچ او کا دعوی ہے کہ فاروق رحمٰن نے نامعلوم سہولت کاروں کے ایما پر خودکش حملہ کیا، حملے میں ہونے والا جانی نقصان قتل اور دہشت گردی کی حد کو پہنچتا ہے۔ حملہ خودکش ہونے پر مقدمے کی تفتیش کالعدم علیحدگی پسند جماعتوں کے لیے بنایا گیا سی ٹی ڈی سیل کرے گا۔ یاد رہے کہ گلشن اقبال حاجی لیموں گوٹھ دھماکے میں خاتون اور بچوں سمیت تین افراد جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ 41

حکومت سازی کا بنیادی دستوری، جمہوری، اخلاقی اور سیاسی حق رکھتی ہے۔ ترجمان تحریک انصاف نے کہا کہ پاکستان جس معاشی و انتظامی تباہی کا آج شکار ہے اس کا ذمہ دار ہی پی ڈی ایم نامی نااہل، نکما اور عوام سے مسترد کیا جانے والا مجرموں کا ٹولہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ تین روز پہلے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے نااہل مجرموں کے اس ٹولے کو ہی اپنے ووٹ کے ذریعے مسترد کیا جس نے 16 ماہ کے دوران عوام کو معاشی و انتظامی تباہی اور بدترین مہنگائی کی دلدل میں پھینکا۔ ترجمان تحریک انصاف نے کہا کہ عزتِ نفس اور دستور و قانون کے احترام سے یکسر بے نیاز چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن جمہوریت پر کھلے ڈاکے میں مرکزی سہولت کار ہیں۔ ترجمان تحریک انصاف نے کہا کہ دستور پامال کرنے، قانون کی دھجیاں اڑانے، جمہوریت کو داغدار کرنے اور عوامی مینڈیٹ کی بےحرمتی کا دروازہ کھولنے والا چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن اراکین فوراً استعفیٰ دیں۔ ترجمان تحریک انصاف کے مطابق عوام اپنے مینڈیٹ کے برعکس مجرموں کو ملک پر مسلط کرنے کے کسی منصوبے کو قبول کرے گی نہ ہی پاکستان تحریک انصاف اس کی اجازت دے گی۔

بقیہ 42

میں اسلام آباد کے مقامی چرچ میں ایک خوبصورت دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں مقامی پاسٹر کے ساتھ ملکر مسیحی برداری نے بلاول بھٹو کی عمر درازی کے لیے اجتماعی دعا کی اور خدا کی شکرگزاری کی، اس موقع پر راشد چوہان نے اپنے بیان میں کہا پیپلز پارٹی کے بغیر وفاق پنجاب بلوچستان میں حکومت نہیں بن سکتی۔ آصف علی زرداری ، بلاول بھٹو، آصفہ بھٹو و پیپلز پارٹی کے امیدوار عوام میں گے اور بتایا کہ ہم نفرتوں کی سیاست اور انتقام کی سیاست سمندر میں غرق کر چکے ہیں اس لیے بار بار مفاہمت کی بات کرتے ہیں پاکستان میں خوشحالی کا دور لاکر رہینگے ہم اداروں کے وقار کی بلندی اور اہمیت کو ترجیح دیتے ہیں ملک پاکستان، سندھ بالخصوص کراچی و حیدر آباد میں جلد ہی امن اور استحکام نظر آئیگا۔ پاکستان عوام کے مشکور ہیں جنہوں نے انتخابی مہم میں پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو اچھا رسپونس دیا۔ عوام نے پیپلز پارٹی پر اعتماد کیا ہے، ہم شہید بے نظیر بھٹو کا ایک ایک وعدہ پورا کرے گے۔ پیپلز پارٹی سیاست کو عبادت سمجھا کرتی ہے راشد چوہان نے مزید کہا پاکستان کی عوام اس دن کے شدت سے منتظر ہیں انشاءاللہ بلاول بھٹو ملک کی باگ دوڑ سنبھالینگے آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو حقیقی جانشین اور درست قیادت کا مظاہرہ کر رہے ہیں

بقیہ 43

مانک پیاں کے کوشر سکول میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ تقریب میں شہید مقبول بٹ کے لیے خصوصی دعا اور قرآن خوانی کی گئی۔ مشعال ملک نے کہا کہ 1984 میں آج کے دن کشمیری تحریک آزادی میں ان کے کردار کی وجہ سے نئی دہلی کے بدنام زمانہ تہاڑ جیل میں کشمیر کی آزادی کے عظیم رہنما کو پھانسی دی گئی تھی۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ فاشسٹ بھارتی حکام نے معروف کشمیری رہنما کی لاش چار دہائیاں گزرنے کے باوجود ان کے ورثاء کے حوالے نہیں کی، جنہیں بدنام زمانہ تہاڑ جیل کے احاطے میں دفن کیا گیا ہے۔ اس موقع پر شرکاء نے پابند سلاسل کشمیری رہنما یاسین ملک اور دیگر کشمیری رہنماؤں اور کارکنوں کے لیے خصوصی دعا کی۔ معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں نے کہا کہ مقبول بٹ مزاحمتی تحریک کے ایک آئیکن تھے جنہوں نے بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی کے عظیم مقصد کے لیے اپنی جان قربان کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر کے لوگوں کو نہ تو جینے کا حق دیا گیا ہے اور نہ ہی مرنے کا، انہوں نے مزید کہا کہ انہیں اپنے پیاروں کو دفنانے کا حق بھی نہیں ہے۔ مشعال نے کہا کہ ان کے شوہر یاسین ملک کے ساتھ وحشیانہ اور غیر انسانی سلوک کیا جا رہا ہے اور وہ تمام قانونی، آئینی اور بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ بدنام زمانہ بھارتی حکومت کشمیر کے عوام کی سب سے طاقتور آواز یاسین ملک کو پھانسی دینے پر تلی ہوئی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ان کی آواز کو خاموش کرنے کے لیے انہیں غیر سنجیدہ اور سیاسی بنیادوں پر قائم مقدمات میں پھنسایا گیا ہے ۔ معاون خصوصی نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ کے اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کو ان کی رہائی کو یقینی بنانے پر مجبور کریں اور کشمیر کو ان کے عوام کی امنگوں کے مطابق اپنے قسمت کا فیصلہ کرنے دیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کشمیری عوام بھارتی غلامی سے آزادی کے لیے اپنے خون کے آخری قطرے تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔ مشعال ملک نے کہا کہ مقبول بٹ ایک دیانتدار انسان تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی اجتماعی مقصد کے لیے وقف کر دی تھی اور بالآخر آزادی کے حصول میں اپنی جان قربان کر دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بدنام زمانہ بھارتی حکومت کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ وہ تمام تر ریاستی دہشت گردی اور فسطائیت کے باوجود بہادر کشمیریوں کے حوصلے پست نہیں کر سکی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کی صبح دیکھیں گے۔ اس موقع پر یاسین ملک کی بیٹی رضیہ سلطانہ نے کشمیر کی آزادی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے کشمیری عوام کے اتحاد پر زور دیا۔ مشعال ملک نے کوشر سکول کے بچوں کے ساتھ بات چیت بھی کی۔

بقیہ 44

گیس نے پشاور/کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 109 کنکشن منقطع کیے اور 37 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ٹیم نے کاروائی کے دوران 3FIRs بھی درج کیں۔ ساہیوال میں ٹیم نے کمپریسر کے استعمال پر 5 جبکہ غیر قانونی استعمال پر 1 گیس کنکشن منقطع کیا گیا ۔ فیصل آباد میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا گیا اور 30 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے ۔ بہاولپور میں کاروائی کے دوران کمپریسر کے استعمال پر 1 گیس کنکشن منقطع کیا گیا۔ گجرات میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 6 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔

بقیہ 45

خالد مقبول صدیقی نے وفد کی قیادت کی۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف، مریم نواز، اسحاق ڈار، احسن اقبال، رانا ثناء اللہ، ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق، مریم اورنگزیب، رانا مشہود بھی ملاقات میں شریک تھے۔ ایم کیو ایم وفد میں گورنر سندھ کامران ٹسوری، ڈاکٹر فاروق ستار، مصطفیٰ کمال شامل تھے۔ دونوں جماعتوں کے قائدین میں مشاورت کا سلسلہ تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہا، ملاقات میں صورتحال پر تفصیلی مشاورت ہوئی اور تجاویز کا تبادلہ ہوا۔ رہنماؤں نے مجموعی سیاسی صورتحال اور اب تک ہونے والے رابطوں کے حوالے سے بھی ایک دوسرے کو اعتماد میں لیا۔ قبل ازیں رائیونڈ آمد پر مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف، صدر شہباز شریف نے پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ ایم کیو ایم قائدین کا استقبال کیا حکومت سازی کیلئے رابطوں کا سلسلہ جاری ہے، متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے اعلیٰ سطحی وفد نے جاتی امراء رائے ونڈ میں مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف اور صدر شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں مرکز میں حکومت سازی کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ ایم کیو ایم نے اپنی شرائط سمیت پیپلز پارٹی سے متعلق اپنے کچھ تحفظات بھی پیش کئے ، دونوں جماعتوں نے ملک و قوم کو مشکلات سے نکالنے کیلئے مل کر چلنے پر اتفاق کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی قیادت میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری، ڈاکٹر فاروق ستار اور مصطفیٰ کمال مشتمل وفد جاتی امراء رائے ونڈ پہنچا جہاں مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف اور صدر شہباز شریف نے پارٹی کے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ ان کا خیر مقدم کیا۔ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے نواز شریف اور شہباز شریف کی قیادت میں مریم نواز، اسحاق ڈار، احسن اقبال، خواجہ سعد رفیق، رانا ثناء اللہ خان، سردار ایاز صادق، مریم اورنگزیب اور رانا مشہود نے قیادت کی معاونت کی۔

بقیہ 46

بلکہ ملک کو درست سمت میں لے جانے والوں کے ساتھ چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ کو اللہ کے کرم سے کامیابی حاصل ہوئی ہے، ہم تمام ووٹرز اور کارکنوں کا دلی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے تسلسل کے ساتھ ہمارے اوپر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 47

مرد کی لاشیں بوسیدہ حالت میں ملی ہیں جن کی شناخت نہیں ہوسکی۔ مرد اور خاتون بظاہر نشئی معلوم ہوتے ہیں، لاشیں پانچویں روز پرانی معلوم ہوتی ہیں۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دی گئیں۔

بقیہ 48

نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے 20 لاکھ چوالیس ہزار سے زائد مچھر دانیاں، 7 ہزار تین سو بائی جین کٹس ایک لاکھ 26 ہزار دو سو خوراک کے پیکس، 18 ہزار آٹھ سو ساٹھ ابتدائی طبی امداد کٹس اور دیگر سامان سمیت زندگی بچانے والے 350 جیکٹس بھی فراہم کئے۔ ترکی اور شام کے زلزلہ زدگان کیلئے این ڈی ایم اے کی جانب سے 7 ہزار تین سو 76 ٹن سامان جس میں موسم سرما میں استعمال کئے جانے والے خیمے، گرم کپڑے، خوراک، ادویات شامل ہیں۔ اگست 2022 کے سیلاب سے صحت کے کئی مراکز اور ہسپتالوں کو شدید نقصان پہنچا تھا۔ حکومت متاثرہ صحت مراکز کی بحالی کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 49

گزشتہ 30 برس میں دنیا بھر میں دل کے امراض سے اموات کی شرح 60 فیصد بڑھ گئی ہے۔ ورلڈ ہارٹ فیڈریشن کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ 1990 میں دل کی بیماریوں سے 1 کروڑ 21 لاکھ اموات ہوئی تھیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا کہ 2021 میں دنیا بھر میں 2 کروڑ 10 لاکھ اموات ریکارڈ کی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کم اور درمیانی فی کس آمدنی والے ممالک میں دل کی بیماریوں سے اموات میں زیادہ اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 50

علی امین گنڈا پور کو وزیر اعلیٰ بنانے کے لیے تیمور جھگڑا اور کامران بنگش، محمود جان کے لیے کوشاں ہیں۔

بقیہ 51

پاکستان میں بہت سے بڑے بزنس ٹائیکونز نے اپنا کاروبار جزوی یا مکمل طور پر دبئی منتقل کر لیا ہے۔ جس سے ملک مناسب آمدنی اور ملازمتوں سے محروم ہوتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے پاس ایسا کرنے کا معقول جواز موجود ہے، امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور سیاسی و معاشی بے یقینی نے تاجر برادری کو خوفزدہ کر دیا جنہیں کراچی میں باقاعدگی سے کسی نہ کسی گروپ کو بھتہ ادا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نمایاں کاروباری برادریاں مستقل طور پر دبئی میں مقیم ہیں، انہوں نے وہاں گھر خریدے اور بیرونی ممالک کے ساتھ تجارت کی، وہ دوسرے ممالک کو پاکستانی مال کی تجارت کے لیے جگہ بھی فراہم کام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دبئی سے تجارت کرنا آسان ہے کیونکہ برآمدات یا درآمدات کیلئے اکاؤنٹ کھولنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہے، وہ دبئی میں کماتے اور سرمایہ کاری کرتے ہیں، خاص طور پر رئیل اسٹیٹ میں جو کہ پیسہ کمانے کے لیے جنت ہے۔ 2022 کے وسط میں جاری ہونے والی یورپی یونین ٹیکس آبزرویٹری کی رپورٹ کے مطابق پاکستانیوں نے دبئی رئیل اسٹیٹ میں 10 ارب 60 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے جس سے وہ دبئی میں تیسرے بڑے سرمایہ کاروں میں شامل ہو گئے ہیں، بھارتی سرمایہ کار دبئی کی رئیل اسٹیٹ سرمایہ کاری میں 29 ارب 80 کروڑ ڈالر کے ساتھ سرفہرست ہیں، اس کے بعد برطانوی سرمایہ کار 14 ارب 70 کروڑ ڈالر کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔ رپورٹ کے مطابق دبئی میں رئیل اسٹیٹ کے شعبے میں تقریباً 20 ہزار غیرملکی مالکان کا تعلق پاکستان سے ہے جو تقریباً 35 ہزار بھارتی مالکان اور برطانیہ کے تقریباً 23 ہزار مالکان کے بعد تیسری بڑی تعداد ہے۔ کئی تجزیہ کاروں نے اسلام آباد میں فوری طور پر نئی حکومت کے قیام کو غیر یقینی صورتحال سے چھٹکارا پانے کا واحد راستہ قرار دیا ہے جبکہ دیگر لوگوں نے کہا کہ نئی حکومت کو معاشی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ مقامی مالیاتی ڈیٹا پورٹل ٹریس مارک کے چیف ایگزیکٹو افسر فیصل ماما نے کہا کہ آنے والی حکومت کا پہلا میدان جنگ مہنگائی اور زرمبادلہ کے ذخائر ہونا چاہیے تاہم اصل کام ایک ایسے نظام پر کرنے کی ضرورت ہے جو شرح نمو، پیداواری صلاحیت اور آمدنی میں کمی کو دور کرے، برآمدات، انٹرپرینیورشپ اور انفراسٹرکچر کو بڑھائے اور تعلیم، مہارت، آبادی پر کنٹرول اور عدم مساوات پر مرکوز ہو۔ کاروباری برادری عام انتخابات کے نتائج سامنے آنے کے بعد منقسم مینڈیٹ اور جاری سیاسی بےیقینی سے پریشان ہے جبکہ کرنسی ٹریڈرز آئندہ 15 روز میں روپے کی قدر میں اتار چڑھاؤ دیکھ رہے ہیں۔ انتخابات کے بعد اب مارکیٹ روپے کی مزید دو طرفہ اور کثیر جہتی بہاؤ کی توقع کر رہی ہے، اگرچہ آئی ایم ایف کے اگلے جائزے میں کچھ پیچیدگیاں آسکتی ہیں تاہم امید یہی کی جا رہی ہے کہ بالآخر قرض کی اگلی قسط کا کامیابی سے اجرا ہوجائے گا۔ فیصل ماما نے کہا کہ ڈالر 276 روپے سے اوپر جانے کی صورت میں ملکی برآمدات کو نقصان پہنچنا شروع ہوجائے گا، مارکیٹ رواں ماہ ڈالر 278 سے 282 کے درمیان رہنے کا امکان ظاہر کر رہی ہے۔

بقیہ 52

سے قبل سکھر میں گفتگو کرتے ہوئے خورشید شاہ نے کہا کہ کوئی ایک پارٹی اکیلے حکومت نہیں بنا سکتی، حکومت سازی کا مرحلہ پارٹی کی سی ای سی میں طے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز پارٹی کی سی ای سی کی میٹنگ میں اہم فیصلے ہوں گے، پارٹی اجلاس میں ہم مثبت فیصلے کریں گے۔ آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ پارٹی کے اجلاس کے بعد ہی کچھ بتانے کے لائق ہوں گے۔

بقیہ 53

امارات کی وزارت دفاع نے اپنے بیان میں کہا کہ اس کی مسلح افواج کے تین ارکان اور ایک بحرینی افسر اس حملے میں مارے گئے ہیں، وہ لوگ صومالی مسلح افواج کو تربیت دینے کیلئے وہاں موجود تھے۔ یو اے ای کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق اس حملے میں کچھ فوجی زخمی بھی ہوئے۔ حملے سے متعلق مزید تفصیلات شیئر نہیں کی گئیں، اس حوالے سے متحدہ عرب امارات کا کہنا ہے کہ تحقیقات جاری ہے اور صورتحال کا تعین کرنے کے لیے صومالی حکومت سے رابطے میں ہیں۔ ایک افسر نے بتایا کہ حملہ آور ایک نیا تربیت یافتہ صومالی فوجی تھا جسے متحدہ عرب امارات کے زیر انتظام گورڈن نامی فوجی اڈے پر گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ اس افسر نے بتایا کہ فوجی نے اماراتی ٹرینرز اور صومالی فوج کے اہلکاروں پر اس وقت فائرنگ کی جب وہ نماز پڑھ رہے تھے، اور اس حملے میں چار اہلکار زخمی جب کہ 5 فوجی ہلاک ہو گئے۔

بقیہ 54

اپنے ٹوئٹ میں لکھا کہ میں پاکستان میں اس ہفتے ہونے والے انتخابات میں مداخلت کی خبروں سے بہت پریشان ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ کسی بھی آنے والی حکومت کی قانونی حیثیت منصفانہ انتخابات پر منحصر ہوتی ہے، جو ہیرا پھیری، دھمکیوں یا دھوکہ دہی سے پاک ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی عوام ایک شفاف جمہوری عمل اور حقیقی نمائندہ حکومت سے کم کے مستحق نہیں ہیں۔ الہان عمر نے کہا کہ میں محکمہ خارجہ سے مطالبہ کرتی ہوں کہ وہ نتائج کو اس وقت تک تسلیم کرنے سے گریز کرے جب تک بدانتظامی کے متعدد الزامات کی قابل اعتماد اور آزادانہ تحقیقات نہیں کر لی جاتیں۔ امریکی کانگریس کی خاتون رکن جیسمین کروکٹ نے بھی پاکستان کے انتخابات میں بدانتظامی کے الزامات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تحقیقات کی ضرورت پر زور دیا۔ امریکی خاتون کانگریس رکن نے مزید کہا کہ پاکستانی عوام کی خواہشات کا احترام کیا جانا چاہیے۔ پاکستانی الیکشن کے حوالے سے کانگریس کے رکن گریگ کاسر نے کہا کہ امریکا کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ نتائج کو تسلیم کرنے سے پہلے ایک قابل اعتماد اور آزادانہ تحقیقات مکمل کی جائیں۔ انہوں نے اپنی ایکس پوسٹ میں مزید لکھا کہ ہمیں جمہوریت اور عوام کی خواہشات کا تحفظ کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ امریکی رکن کانگریس لیزا میک کلین نے بھی کہا کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کا تقدس دنیا بھر میں جمہوریت کو برقرار رکھنے کے لئے اہم ہے۔ کانگریس کی رکن سوزی لی نے بھی اپنی ٹوئٹ میں پاکستان کے حالیہ انتخابات میں بدانتظامی کے الزامات کی مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ اس کے علاوہ امریکا کی ایک اور پارلیمنٹیرین مشیل اسٹیل نے بھی انتخابات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 55

نواز شریف چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات کے لئے نہیں آرہے۔ مسلم لیگ (ق) پنجاب کے جنرل سیکرٹری چوہدری شافع حسین کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ چوہدری شجاعت حسین اسلام آباد پہنچیں گے جہاں ان کی آصف زرداری، نواز شریف، شہباز شریف، مولانا فضل الرحمان سے اکٹھے ملاقات متوقع ہے۔ انہوں نے حکومت سازی کے حوالے سے کہا کہ ہوسکتا ہے وفاق میں پی ڈی ایم ٹو ماڈل کو فالو کیا جائے تاہم یہ معاملات قائدین کے درمیان ہونے والی ملاقات میں زیر بحث آئے گا، پاور شیئرنگ کا کیا فارمولہ طے کیا جائے گا

بقیہ 56

کلثوم کوثر گاڑی میں جنرل الیکشن ڈیوٹی سے چتوکی عباس پارک اپنے گھر آرہی تھی تھانہ صدر چتوکی کے قریب ملتان روڈ پر گاڑی کا تیل ختم ہوا اور اسی دوران 3 کس مسلح ڈاکوؤں نے فی میل ٹیچر کو لوٹ لیا ڈاکو فی میل ٹیچر سے ہزاروں روپے نقدی رقم، موبائل فون، طلائی زیورات چھین کر موقع سے فرار ہوگئے گاڑی میں دیگر فی میل ٹیچرز بھی سوار تھیں تھانہ سٹی چتوکی پولیس نے متاثرہ ٹیچر کلثوم کوثر کی تحریری درخواست پر نامعلوم ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 57

کرنے پر SNGPL کی جانب سے مین آف دی میچ ایوارڈز سے نوازا گیا۔ عابد علی، کامران غلام، سعود شکیل، اسد شفیق، میر حمزہ، اور دیگر کھلاڑیوں کی قابل ذکر شاندار کارکردگی نے SNGPL کی شاندار فتح کو یقینی بنانے کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز ایس این جی پی ایل، جناب محمد اسماعیل قریشی، بورڈ کے دیگر معزز اراکین، منیجنگ ڈائریکٹر عامر طفیل، پریزیڈنٹ سپورٹس امتیاز محمود و ایس این جی پی ایل کی پوری منیجمنٹ اور ملازمین اس شاندار کامیابی پر فاتح ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ فتح نہ صرف ٹیم کی غیر معمولی صلاحیتوں کو اجاگر کرتی ہے بلکہ کرکٹ کے میدان میں بہترین کارکردگی کے لیے SNGPL کے عزم کو بھی تقویت دیتی ہے۔

ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنائیں

لین کی خلاف ورزی، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کارروائی سخت اور موئثر بنانے کا فیصلہ

ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والی گاڑیوں، موٹر سائیکل سواروں اور دیگر عناصر سے سختی سے نمٹا جائیگا

اسلام آباد(این این آئی) لین کی خلاف ورزی کرنیوالی بڑی گاڑیوں و موٹر سائیکلوں اور بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید سخت اور موئثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس ضمن میں زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد کو حادثات سے محفوظ رکھنے اور روڈ پر نظم و ضبط کو قائم کرنے، ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کیلئے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید موثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس ضمن میں تمام زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی طور پر لین (بقیہ نمبر 1)

ضلع بھر میں جنرل الیکشن 2024ء کا پرامن انعقاد

پولیس افسران اور جوانوں نے جانفشانی اور بہادری سے فرائض منصبی سرانجام دیئے

بھکر (ظفر اعوان) ضلع بھکر میں جنرل الیکشن 2024 پرامن انعقاد پر پولیس افسران اور جوانوں نے جس جانفشانی اور بہادری سے فرائض منصبی سرانجام دیئے اس کی مثال نہیں ملتی۔ بھکر پولیس کے جوانوں کو ہائی الرٹ ڈیوٹی کرنے پر شاباش SP انویسٹی گیشن محمد اکرم خان، اور تمام ڈی ایس پیز صاحبان، ایس ایچ اوز، ضلعی پولیس، (بقیہ نمبر 2)

پاکستان مسلم لیگ ن کلچرل ونگ لاہور کی صدر سلومی رانا کارکنوں کے ہمراہ نو منتخب ممبران قومی اسمبلی سیف الملوک کھوکھر کو کامیابی پر مبارکباد دے رہے ہیں

بھارتی انتہا پسند بے قابو، 2 مساجد نذر آتش، ایک امام شہید

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں مسلمان ایک بار پھر انتہا پسند مودی سرکار کے نشانے پر ہیں دو مساجد کو نذر آتش اور مسمار جب کہ امام مسجد کو شہید کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دنیا کی نام نہاد سب سے بڑی جمہوریت ہندوستان میں ایک بار پھر مسلمان انتہا پسند مودی سرکار کے نشانے پر ہیں۔ مختلف علاقوں میں تین مساجد کو نذر آتش اور مسمار کرنے کے ساتھ ایک مسجد کے امام کو شہید کر (بقیہ نمبر 3)

جشن منانے کے دوران پی پی کارکنان آپس میں لڑ پڑے، 4 زخمی

کراچی (این این آئی) لیاری میں پیپلز پارٹی کے عام انتخابات میں کامیابی پر جشن منانے کے دوران دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں 4 کارکنان زخمی ہوگئے۔ جاکیواڑہ نمبر 2 شیل پیٹرول پمپ کے قریب پیپلز پارٹی کی جیت کی خوشی میں جشن کی تقریب کے دوران کارکنان کے آپس میں (بقیہ نمبر 4)

دہری شہریت کی وجہ سے الیکشن میں حصہ نہیں لیا، حیدر عباس رضوی

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما حیدر عباس رضوی نے کہا ہے کہ دوہری شہریت کی وجہ سے الیکشن میں حصہ نہیں لیا، دوہری شہریت ختم کرنے میں 14 ماہ کا وقت لگے گا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے حیدر عباس رضوی نے کہا کہ 5 سال تک مجبوراً جلاوطنی کاٹی ہے، اب 3 سال سے پاکستان میں ہوں، والدہ بھی انتقال کرگئیں۔ (بقیہ نمبر 6)

ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان کی گریڈ انیس میں پروموشن

پروموشن ملنے پر شہری سماجی حلقوں نے مبارکباد دیتے ہوئے اظہار مسرت کیا

گوجر خان (قمر شہزاد) ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان اٹھارویں گریڈ سے انیسویں گریڈ میں پرموٹ نوٹیفکیشن جاری تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان میں تعینات ایم ایس ڈاکٹر سرمد کیانی کو ایس ایم او سے اے پی ایم او (بقیہ نمبر 5)

ایس ایچ او عامر شہزاد اعوان تھانہ سٹی بھکر کی کارروائی

موبائل چھیننے والے 2 ملزم پکڑ لئے گئے، مزید تفتیش کا آغاز

بھکر (ظفر اعوان) ایس ایچ او عامر شہزاد اعوان تھانہ سٹی بھکر کی کارروائی۔ 2 مبینہ موبائل سنیچرز گرفتار۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز sho سٹی بھکر نے کاروائی کرتے ہوئے 2 مبینہ موبائل سنیچرز گرفتار کر لیے تفتیش کے دوران 7 مختلف وارداتوں کے دوران چھینے گئے۔ موبائل مالیت 2 لاکھ 60 ہزار برآمد۔ ذرائع۔ ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، پولیس افسران گرجا گھروں کے باہر الرٹ ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے

جعلی الیکشن کے نتیجہ میں حکومت بھی جعلی بنے گی، سراج الحق

الیکشن کمیشن نے (ن) لیگ، پی پی اور ایم کیو ایم کو سپورٹ کیا، سب کے لیے لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں تھی

الیکشن کمیشن نے نتائج کو درست نہ کیا تو احتجاج کو اس کے ہیڈ آفس اسلام آباد تک وسیع کر سکتے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے (ن) لیگ، پی پی اور ایم کیو ایم کو سپورٹ کیا، سب کے لیے لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں تھی، یہ عوام، ووٹرز کے ساتھ زیادتی تھی جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جعلی الیکشن کے نتیجہ میں جو حکومت بنے گی وہ بھی جعلی ہوگی، عالمی اداروں اور میڈیا نے بھی الیکشن پر سوالات اٹھا دیئے، ان انتخابات سے مزید عدم استحکام (بقیہ نمبر 8)

چوری اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

7 مسروقہ موٹر سائیکل، 81000 روپے اور 5 موبائل فون برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کرکے 7 مسروقہ موٹر سائیکل، 81000 روپے اور 5 موبائل فون برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری اور موٹر سائیکل چوری کی (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی، بنی پولیس کی کارروائی، شہری کو قتل کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے معمولی تلخ کلامی پر چاقو کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے معمولی تلخ کلامی پر چاقو کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والے ملزم زیشان حمید کو گرفتار کر لیا، ملزم نے چند روز قبل معمولی تلخ کلامی پر حیدر عباس کو چاقو کے وار سے قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں تھانہ (بقیہ نمبر 10)

24 گھنٹوں کے دوران چار بھکاریوں سمیت 10 ملزم گرفتار

مال مسروقہ موٹر سائیکل، مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے (بقیہ نمبر 11)

5 ملزمان سے 380 پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج

پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 380 پتنگیں اور ڈوریں برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم سلمان سے 120 پتنگیں، رتہ امرال پولیس نے ملزمان حمزہ اور ریاض سے 100 پتنگیں، (بقیہ نمبر 12)

پرامن احتجاج سے مینڈیٹ واپس لینے کیلئے جدوجہد جاری رہے گی، مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے عوامی مینڈیٹ کی چوری پر پرامن احتجاج کی کال دی گئی تھی لیکن 9 مئی کی طرح دوبارہ فالس فلیگ آپریشن کر کے انتشار اور بدامنی پھیلانے کی سازش کی جا رہی تھی۔ (بقیہ نمبر 13)

فوری ضرورت

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

راولپنڈی، پتنگ فروش پولیس حراست میں

اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ العمل ہے، اسلام آباد پولیس

غیر قانونی اجتماع کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ العمل ہے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق غیر قانونی اجتماع کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ کچھ افراد الیکشن کمیشن اور دیگر سرکاری اداروں کے اطراف غیر قانونی اجتماعات پر اکسا رہے ہیں۔ ترجمان کے مطابق واضح رہے (بقیہ نمبر 14)

الیکشن جیت چکے، نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، اجمل راجہ، امیر افضل

این اے 53 اور پی پی 10 میں عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ منظور نہیں، تمام فورمز پر آواز بلند کریں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) این اے 53 سے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار کرنل (ر) اجمل صابر راجہ اور امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 10 چوہدری امیر افضل نے کہا کہ فارم 45 کے مطابق وہ الیکشن جیت چکے ہیں لیکن انہیں فاتح قرار نہیں دیا جارہا۔ ملکی و بین الاقوامی میڈیا سمیت تمام متعلقہ فورمز پر اپنے حق کیلئے آواز بلند (بقیہ نمبر 15)

حضرت بابا نظام شاہ مجذوب کے عرس کے موقع پر چادر پوشی کے بعد دعا کی جارہی ہے

قومی اسمبلی کے 264 حلقوں کے غیر سرکاری نتائج موصول

آزاد امیدوار 101 نشستوں کے ساتھ سرفہرست ہیں، مسلم لیگ دوسرے نمبر پر

پیپلز پارٹی نے 54 سیٹیں حاصل کرلیں، ق لیگ تین نشستوں پر کامیاب

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن کو قومی اسمبلی کے 266 حلقوں میں سے 264 کے غیر سرکاری نتائج موصول ہوگئے۔ غیر سرکاری نتائج کے مطابق آزاد امیدوار 101 نشستوں کے ساتھ سرفہرست ہیں، مسلم لیگ (ن) 75 نشستوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ قومی اسمبلی میں پیپلز پارٹی 54 جبکہ ایم کیو ایم 17، جے یو آئی 4 اور پاکستان مسلم لیگ ق 3 نشستوں پر کامیاب ہوئی ہیں۔ استحکام پاکستان پارٹی اور بلوچستان نیشنل پارٹی دو دو نشستوں پر کامیاب ہوئی ہیں۔ علاوہ ازیں نیشنل پارٹی، بلوچستان عوامی پارٹی، پختونخوا ملی عوامی پارٹی، پختونخوا نیشنل عوامی پارٹی، مسلم لیگ ضیا اور ایم ڈبلیو ایم ایک ایک (بقیہ نمبر 16)

تعلیمی ادارے آج کھلیں گے، معمول کے اوقات بحال

سکول مالکان نے میٹرک کے امتحانات کی تاریخ بڑھانے کی درخواست کی تھی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) انتخابات کی تعطیلات کے بعد تمام نجی اور سرکاری تعلیمی ادارے آج کھل جائیں گے۔ اوقات کار بھی معمول کے مطابق ہونگے جو سردی کی وجہ سے معمول سے ہٹ کر اوقات کار میں کھل رہے تھے۔ بوائز سکولز صبح ساڑھے 8 بجے اور گرلز سکولز 8 بجے کر 15 منٹ پر کھلیں گے۔ بوائز سکولز کو چھٹی 2 بجکر 30 منٹ اور گرلز سکولوں کو 2 بجکر 15 منٹ پر ہوگی۔ ادھر متعدد سکول مالکان کی تنظیموں نے چھٹیوں کی وجہ سے میٹرک کے امتحانات کی تاریخ بڑھانے کی درخواستیں کی تھیں مگر بورڈ ذرائع کے (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی، منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

آزاد امیدوار پارٹی نہیں ہوتے، مسلم لیگ (ن) پارٹی ہے

2018 میں الیکشن کے نتائج پانچ دن میں مرتب ہوئے تب کوئی مسئلہ نہیں تھا، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ انتخابات میں عوام نے مسلم لیگ (ن) پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا، آزاد امیدوار پارٹی نہیں ہوتے، مسلم لیگ (ن) پارٹی ہے، آزاد امیدوار بڑی تعداد میں مسلم لیگ (ن) میں شامل ہو رہے ہیں، انتخابات میں عوام نے ترقی کے ایجنڈے کو ووٹ دیا، مسلم لیگ (ن) اکثریتی جماعت بن کر ابھری ہے، تحریک فساد کے خلاف ساڑھے 4 کروڑ ووٹ پڑا، ایک شخص اور ایک فتنے کے لیے پاکستان کا امن تباہ کرنے کی (بقیہ نمبر 18)

باغ جناح کی سیر کے لئے آنے والے بچے کھیل کود میں مصروف ہیں

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے گئے، سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے 432 افسران سیکورٹی (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی، 3 ملزمان سے 2 کلو سے زائد چرس اور اسلحہ برآمد

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 2 کلو سے زائد چرس اور اسلحہ ایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم یاسر سے 1 کلو 270 (بقیہ نمبر 20)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

شہریوں کے مینڈیٹ کا احترام ہونا چاہیے، عارف علوی

سیاست دانوں، ان کی جماعتوں اور اداروں کو اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے اس موقع کو قبول کر کے اس کا فائدہ اٹھانا چاہیے

ماضی کی تلخیوں کو دور کرنے کے لیے ایک حقیقی مینڈیٹ ضروری تھا جو نظر آرہا ہے، صدر مملکت کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ عام انتخابات میں شہریوں کے مینڈیٹ کا احترام ہونا چاہیے اور کھل کر تسلیم کرنا چاہیے۔ سماجی روابط کی ویب سائٹ ایک پر ٹوئٹ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام کو مبارک ہو کیونکہ انہوں نے جمہوریت کی مضبوطی کے لیے ووٹ دیا، خاص طور پر خواتین کو جو شدید مشکلات کے باوجود بڑی تعداد میں باہر نکلیں۔ (بقیہ نمبر 21)

پی ٹی آئی کی کارکنوں سے الیکشن میں مبینہ دھاندلی کیخلاف پرامن احتجاج کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر علی خان نے اپنے کارکنوں کو عام انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے خلاف پرامن احتجاج میں شرکت کرنے کی اپیل کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے خلاف ملک بھر میں پرامن احتجاج میں شرکت کریں۔ انہوں نے ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ ’قوم نے عمران خان کے ’غلامی نہ منظور‘ کے پیغام پر اپنا اعتماد ظاہر کیا اور 8 فروری کو ووٹ ڈالنے کے لیے بڑی تعداد میں نکلی تھی۔ بیرسٹر گوہر نے دعویٰ کیا کہ عوام کے فیصلے کے سامنے سرِ تسلیم (بقیہ نمبر 22)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان پولیس حراست میں

کراچی سے متحدہ کو سیٹیں ملنے پر حیرت ہے، مراد علی شاہ

ایم کیو ایم رہنما اگر بانی متحدہ کی زبان میں بات کریں گے تو ان سے بات کرنا مشکل ہو جائیگا

کراچی (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ سندھ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سید مراد علی شاہ نے کراچی سے ایم کیو ایم کو ملنے والی سیٹوں پر حیرت کا اظہار کردیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کے خیال میں کراچی سے اور جماعتوں کو بھی (بقیہ نمبر 23)

این اے 254 سے خالد مگسی کامیاب ہو گئے

مسلم لیگ (ن) کے سردار یعقوب خان 53783 ووٹوں سے کامیاب قرار پائے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن کو قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 254 جھل مگسی کا نتیجہ موصول ہوگیا جس کے مطابق بلوچستان عوامی پارٹی کے خالد مگسی 79304 ووٹوں سے کامیاب قرار پائے ہیں جبکہ جے یو آئی کے نظام الدین 44763 (بقیہ نمبر 24)

آزاد امیدوار رانا محمد فیاض کا مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان

لاہور (این این آئی) پی پی 49 پسرور سے آزاد امیدوار رانا محمد فیاض نے مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان کردیا۔ امیدوار رانا محمد فیاض نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ میں نے اپنے حلقے کی عوام سے مشاورت کے بعد فیصلہ ن لیگ میں شمولیت کیا، مسلم لیگ ن کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتا ہوں۔

اسلام آباد ہائی سکیورٹی زون میں سکیورٹی ہائی الرٹ

داخلی راستوں پر جانچ پڑتال کے عمل کو سخت کرنے کے ساتھ پولیس کی چاک و چوبند دستے تعینات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے موجودہ حالات کے پیش نظر ہائی سکیورٹی زون میں کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے کے لئے سکیورٹی ہائی الرٹ کردی ہے، داخلی راستوں پر جانچ پڑتال کے عمل کو سخت کرنے کے ساتھ پولیس کی چاک و چوبند دستے تعینات کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے موجودہ حالات کے پیش نظر ہائی سکیورٹی زون میں کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے کے لئے سکیورٹی ہائی الرٹ کردی ہے، داخلی راستوں پر جانچ پڑتال (بقیہ نمبر 25)

مسلم لیگ ن پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کررہی ہیں

پاکستان کوسٹ گارڈز نے ایک بڑی کارروائی

12 اونٹوں پر لدی چرس سے بھری 75 بوریاں پکڑ لیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے ایک بڑی کارروائی میں 12 اونٹوں پر لدی چرس سے بھری 75 بوریاں پکڑ لیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز نے بلوچستان کے علاقے پسنی میں پیٹرولنگ کے دوران کارروائی میں (بقیہ نمبر 26)

ماؤنٹ ایورسٹ جانیوالے کوہ پیماؤں کو رفع حاجت کیلئے بیگ لیجانیکی ہدایت

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپالی حکام نے دنیا کی سب سے اونچی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ پر جانے والے کوہ پیماؤں کو پابند کیا ہے کہ وہ کوہ پیمائی کے بعد اپنا پاخانہ واپس لیکر آئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق نیپالی حکام نے ہدایت کی کہ کوہ پیما ماؤنٹ ایورسٹ جاتے وقت اپنے سامان کے ساتھ رفع حاجت کے لیے بیگ لیکر جائیں جسے انہیں واپس بیس کیمپ پر لیکر آنا ہوگا۔ نیپالی حکام کے مطابق یہ فیصلہ ایورسٹ پر بڑھتی (بقیہ نمبر 27)

کروڑوں روپے مالیت کے موبائل فونز سے بھری وین چھین لی گئی

وین ٹیپو سلطان کے علاقے پارسا ٹاور کے قریب لاوارث حالت میں برآمد، مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے فیروز آباد میں موبائل فونز سے بھری وین چھین لی گئی جن کی مالیت دو کروڑ روپے بتائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے فیروز آباد میں دو کروڑ روپے مالیت کے موبائل فونز سے بھری وین چھین لی گئی۔ کوریئر کمپنی کی ڈیلیوری وین صدر کے علاقے سے موبائل فون لے کر نکلی تھی کہ ملزمان (بقیہ نمبر 28)

پاکستانی الیکشن کو تسلیم نہ کیا جائے، الہان عمر کا محکمہ خارجہ سے مطالبہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے چند ارکان کانگریس نے پاکستان میں 8 فروری کو ہونے والے انتخابات کی شفافیت پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ الہان عمر کا کہنا ہے بدانتظامی کے متعدد الزامات کی قابل اعتماد اور آزادانہ تحقیقات تک امریکی محکمہ خارجہ پاکستانی انتخابات کو تسلیم نہ کرے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی قانون ساز الہان عمر نے سماجی رابطے کی ویب سائیٹ ایکس پر اپنے ٹوئٹ میں لکھا کہ میں پاکستان میں اس ہفتے (بقیہ نمبر 29)

لاہور، آزاد امیدوار انجینئر محمد عمیر جمیل ساتھیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجاب اسمبلی کی تمام نشستوں کے نتائج کا اعلان

138 نشستوں پر آزاد کامیاب ہونے والوں میں پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدواروں کے علاوہ انفرادی حیثیت میں کامیاب ہونے والے بھی شامل ہیں

مسلم لیگ (ن) کو 137 نشستوں پر کامیابی، پیپلز پارٹی 10، پاکستان مسلم لیگ کو پنجاب اسمبلی کی 8 نشستوں پر کامیاب ہوئی

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب اسمبلی کی تمام 296 نشستوں کے نتائج کا اعلان کردیا۔ نتائج کے مطابق 8 فروری کو ہونے والے انتخابات میں پنجاب اسمبلی کی 138 نشستوں پر آزاد امیدوار کامیاب ہوئے ہیں جس میں پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدواروں کے علاوہ اپنی انفرادی حیثیت میں کامیاب ہونے والے 22 امیدوار بھی شامل ہیں۔ پنجاب اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کو 137 نشستوں پر کامیابی حاصل ہوئی ہے، پیپلز پارٹی 10 اور پاکستان مسلم لیگ پنجاب اسمبلی کی 8 نشستوں پر کامیاب ہوئی (بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی، شہریوں کو فائرنگ کر کے زخمی کرنیوالا ملزم گرفتار

شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 شہریوں کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 شہریوں کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے والے ملزم شہزاد عرف شادہ کو گرفتار کرلیا، ملزم نے چند روز قبل ساتھیوں کے ہمراہ معمولی رنجش پر فائرنگ کر کے 2 شہریوں جمال اور امان اللہ کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ متاثرہ شہری کے بھائی کی مدعیت میں تھانہ صادق آباد میں درج کیا گیا تھا، ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے ریڈ کیے جا رہے ہیں۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والوں (بقیہ نمبر 31)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035